ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
www.dailydhartiajk.com
dailydharti@gmail.com
روزنامہ
چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق
ایڈیٹر: عمر خیام
جلد 04 | جمعۃ المبارک یکم اگست 2025ء، 06 صفر 1447، 17 ساون 2081 | صفحات 04 / قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 99

غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان (مرحوم) کی برسی ریاست بھر میں خصوصی تقاریب

بانی صدر آزاد جموں وکشمیر کی 22 ویں برسی کی مرکزی تقریب ان کے مزار واقع کوٹ متے خان کے مقام پر منعقد کی گئی، صدر، وزیراعظم کی جانب سے مزار پر پھولوں کے گلدستے، پاک فوج، پولیس اور اسکاؤٹ کے دستے کی سلامی

قرآن خوانی، دعائیہ تقریب کا بھی اہتمام، غازی ملت کے ادھورے مشن کی تکمیل کرتے ہوئے ہم مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں کو آزاد کروا کر پاکستان سے پوری ریاست کا الحاق کریں گے، بھرپور عزم واستقامت کا اعلان

راولاکوٹ / مظفرآباد / اسلام آباد (پی آئی ڈی / نمائندگان / دھرتی نیوز) بانی صدر آزاد جموں وکشمیر غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان کی 22 ویں برسی ان کے مزار واقع کوٹ متے خان راولاکوٹ میں انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی۔ اس موقع پر صدر آزاد جموں وکشمیر اور وزیراعظم آزاد حکومت کی جانب سے کمشنر پونچھ ڈویژن مسعود الرحمن اور ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس ریجن سردار ظہیر احمد نے مزار پر پھولوں کے گلدستے رکھے۔ پولیس (بقیہ 41 صفحہ 03)

باغ / چناری / بھمبر / اسلام آباد (صباح نیوز) تحریک آزادی کشمیر کے معمار، ریاست جموں و کشمیر کے پہلے صدر اور الحاق پاکستان کے علمبردار غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان کی 22 ویں برسی کے موقع پر کل جماعتی حریت کانفرنس (آزاد کشمیر شاخ) اور کشمیر لبریشن سیل کے باہمی (بقیہ 42 صفحہ 03)

غزہ میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 104 فلسطینی شہید

شدید تباہی کی وجہ سے امدادی ٹیمیں، ایمبولینس اور شہری دفاع کے اہلکاران زخمیوں اور لاشوں تک پہنچنے سے قاصر

شہدا کی کل تعداد 60 ہزار 138 جبکہ 1 لاکھ 46 ہزار زخمی ہیں، فلسطینی وزارت صحت کی جانب سے اعداد وشمار

غزہ (صباح نیوز) غزہ کی وزارت صحت نے تصدیق کی ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران قابض اسرائیل کے جاری نسل کش حملے میں مزید 104 فلسطینی شہید ہو چکے ہیں، جن میں ایک شہید کو ملبے تلے سے نکالا گیا۔ اسی مدت میں 399 فلسطینی مختلف نوعیت کے زخموں کے ساتھ غزہ کے اسپتالوں میں لائے گئے۔ یہ حملے مسلسل 297 ویں روز بھی جاری رہے، جس کے نتیجے میں ہر لمحہ انسانی جانوں کا ضیاع ہو رہا ہے۔ وزارت صحت کی جانب (بقیہ 40 صفحہ 03)

مظفرآباد، بیوروکریسی میں تبادلوں کا نوٹیفکیشن، سیکرٹریز تبدیل

مظفرآباد (صباح نیوز) بیوروکریسی میں تبادلے، چوہدری عبدالرحمان سیکرٹری آثار قدیمہ کو تبدیل کر کے سیکرٹری انڈسٹری، کامرس، لیبر، ویلفیئر، ویٹس اینڈ منرل ریسورسز سری ایگریکلچر اینڈ (بقیہ 43 صفحہ 03)

9 مئی مقدمات
196 ملزمان کو 10 سال تک قید

انسداد دہشت گردی عدالت کا مجموعی طور پر 9 مئی کے 3 مقدمات میں عمر ایوب، شبلی فراز اور زرتاج گل وزیر سمیت سمیت پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے اہم رہنماؤں کے خلاف فیصلہ

پولیس نے 41 پی ٹی آئی رہنماؤں کے وارنٹ گرفتاری حاصل کر لئے، شبلی فراز کا چیف جسٹس پاکستان کو خط، 9 مئی مقدمات کی عدالتی کارروائیوں پر تحفظات، پولیس، پراسیکیوشن پر جانبداری کا الزام

فیصل آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیصل آباد میں انسداد دہشت گردی عدالت نے 9 مئی کے 3 مقدمات کا فیصلہ سناتے ہوئے عمر ایوب، شبلی فراز اور زرتاج گل وزیر سمیت سمیت پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے 196 رہنماؤں اور کارکنوں کو 10 سال تک قید کی سزائیں (بقیہ 47 صفحہ 03)

اسلام آباد (صباح نیوز) سینیٹ میں قائد حزب اختلاف شبلی فراز نے 9 مئی مقدمات سے متعلق چیف جسٹس پاکستان کو خط لکھ دیا۔ پی ٹی آئی رہنما شبلی فراز نے چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی کو لکھے گئے خط میں 9 مئی مقدمات میں عدالتی کارروائیوں پر تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ شبلی فراز نے چیف جسٹس کے نام لکھے گئے خط میں کہا کہ 9 مئی کے مقدمات میں فیئر ٹرائل اور بنیادی انسانی حقوق پامال ہو رہے ہیں۔ شبلی فراز نے خط (بقیہ 46 صفحہ 03)

سکاٹ لینڈ میں ریفرنڈم ہو سکتا ہے تو کشمیر میں کیوں نہیں، کانفرنس

بھارت نے کشمیر میں اظہار رائے کی آزادی کا حق مکمل طور پر سلب کر رکھا ہے جو انتہائی قابل مذمت اقدام ہے

بھارت عالمی رائے عامہ کو گمراہ کرنے اور ثالثی سے بچنے کے لیے مزاحمت کو دہشت گردی کا نام دیتا ہے، شرکاء

ماسکو (کے پی آئی) تحریک کشمیر روس کے زیر اہتمام ماسکو میں "دنیا کشمیر کی حمایت کن کن ذرائع سے کر سکتی ہے" کے عنوان سے ایک آن لائن کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس کی نظامت صدائے روس کے چیف ایڈیٹر اور تحریک کشمیر روس کے کوآرڈینیٹر اشتیاق ہمدانی نے کی۔ تحریک کشمیر روس کے جنرل سیکرٹری میاں طیب نے تلاوت کلام پاک سے کانفرنس کا آغاز کیا۔ یورپ، جنوبی افریقہ اور پاکستان سمیت مختلف ممالک کے مقررین نے (بقیہ 44 صفحہ 03)

9 مئی مقدمات میں سزا پانے والے عمر ایوب، شبلی فراز اور زرتاج گل کا فائل فوٹو

ایران سے تیل خریدنے پر امریکہ کی 6 انڈین کمپنیوں پر پابندی

انڈین کمپنیوں نے کل 22 کروڑ سے زائد مالیت کی ایرانی پیٹرولیم درآمد کی ہیں، سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ

ان کمپنیوں میں کنچن پولیمر، الکیمیکل سولیوشن، رمنک لال ایس گوسلیا اینڈ کمپنی، جوپیٹر ڈائی کیم سمیت دیگر شامل

واشنگٹن (صباح نیوز) ایران سے تیل خریدنے پر امریکہ نے چھ انڈین کمپنیوں پر پابندی عائد کر دی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکہ نے ایران پر مشرق وسطیٰ میں تنازعات کو ہوا دینے اور عدم استحکام کی سرگرمیوں کو فنڈ کرنے کا الزام لگاتے ہوئے ایران کی ذرائع آمدن پر قدغن لگانے کے لیے کارروائی کا اعلان کیا ہے۔ اس ضمن میں، امریکی محکمہ خارجہ نے ایرانی پیٹرولیم، پیٹرولیم مصنوعات، یا پیٹرو کیمیکل کی تجارت میں ملوث 20 اداروں (بقیہ 45 صفحہ 03)

بھمبر: غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان کی برسی پر جامع مسجد صدیق اکبر میں دعائیہ تقریب کا انعقاد

سرینگر، سرکاری ملازمین کیلئے بھارتی احکامات جاری

بھارتی یوم آزادی کی تقریبات میں شرکت یقینی بنانے کی سختی سے ہدایت

جموں، (کے پی آئی) مقبوضہ جموں وکشمیر میں نئی دلی کے مسلط کردہ لیفٹیننٹ گورنر کے ماتحت انتظامیہ نے تمام سرکاری افسروں اور ملازمین کو 15 اگست کو بھارتی یوم آزادی کی تقریبات میں اپنی شرکت یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ محکمہ جنرل ایڈمنسٹریشن کی طرف سے جاری کردہ حکمنامے میں کہا گیا کہ مرکزی تقریبات سری نگر کے بخشی اسٹیڈیم اور جموں کے مولانا آزاد اسٹیڈیم میں ہوں گی (بقیہ 48 صفحہ 03)

ایس ڈی پی آئی، اسلامک ریلیف کے مابین معاہدہ

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان میں ماحولیاتی تبدیلی، پائیدار ترقی اور انسانی فلاح کے باہم مربوط اہداف کے حصول کیلئے پالیسی ادارہ برائے پائیدار ترقی (ایس ڈی پی آئی) اور اسلامک (بقیہ 49 صفحہ 03)

گردشی قرضے میں نمایاں کمی ممکن ہوئی، شہباز شریف

وزیر اعظم پاکستان کا اصلاحاتی اور بہترین اقدامات پر خیر مقدم

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف کی طرف سے وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری کو لکھا گیا خط وزارت توانائی کو موصول ہوا ہے۔ وفاقی وزیر توانائی کی توانائی کے شعبے میں نمایاں اصلاحاتی اقدامات اور بہترین کارکردگی کو سراہنے کیلئے خط لکھا گیا ہے۔ خط میں وزیر اعظم نے سردار اویس لغاری کی قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ مشکل ترین حالات میں (بقیہ 50 صفحہ 03)

پاکستان سے تجارتی ڈیل مکمل ہو گئی، ٹرمپ کا اعلان

پاکستان اور امریکا تیل کے ذخائر کے معاملے پر مل کر کام کریں گے

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی صدر ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ پاکستان سے تجارتی ڈیل مکمل ہو گئی ہے۔ اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر پیغام میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ پاکستان اور امریکا تیل کے ذخائر کے معاملے پر مل کر کام کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ شراکت داری کی قیادت (بقیہ 51 صفحہ 03)

صحت عامہ پونچھ کی روٹین امیونائزیشن کمیونیکیشن کمیٹی کا اجلاس

مختلف محکموں کے نمائندوں کی شرکت، معمول کی حفاظتی ٹیکہ جات مہم کو مزید موثر بنانے پر تفصیلی تبادلہ خیال

ویکسینیشن مہم، ای پی آئی میں شامل بیماریوں اور فیلڈ پلاننگ کے بارے میں مفصل بریفنگ، سوال و جواب کا سیشن

راولاکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس راولاکوٹ میں روٹین امیونائزیشن کمیونیکیشن کمیٹی (RICC) کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت ڈاکٹر محمد سلیم خان (DHO) نے کی۔ اجلاس میں ضلع پونچھ کے مختلف اداروں اور محکموں کے نمائندوں نے شرکت کی اور معمول کی حفاظتی ٹیکہ جات مہم کو مزید موثر بنانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اجلاس میں شریک نمایاں افسران و نمائندگان میں ڈاکٹر محمد سلیم خان - DHO (چیئرمین) ظفر (بقیہ 52 صفحہ 03)

پاکستانی طالبعلم دو پولیس اہلکاروں پر حملے کا مجرم قرار

پولیس نے طاقت کا غیر قانونی استعمال کیا، وکیل دفاع کا موقف

مانچسٹر (صباح نیوز) مانچسٹر ایئرپورٹ پر گزشتہ سال جولائی میں پیش آنے والے ایک پر تشدد واقعہ میں پاکستانی نژاد طالبعلم محمد فاہر عماز کو دو پولیس اہلکاروں پر حملے کا مجرم قرار دے دیا گیا۔ 20 سالہ فاہر عماز پر الزام تھا کہ اس نے پی سی لیڈیا وارڈ کو چہرے پر مکا مارا جس سے ان کی ناک کی ہڈی ٹوٹ گئی جبکہ پی سی ایلی ٹنگ کو بھی زمین پر گرا دیا گیا۔ (بقیہ 63 صفحہ 03)

تجارتی ڈیل پر امریکی صدر کا شکریہ ادا کرتا ہوں، وزیراعظم

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کے ساتھ تجارتی ڈیل کرنے پر امریکی صدر کا تہہ دل سے (بقیہ 64 صفحہ 03)

امریکا سے ٹریڈ ڈیل خوش آئند پیشرفت ہے، بلال اظہر

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ امریکا سے ٹریڈ ڈیل ہماری معیشت کے لیے بڑی خوش آئند پیشرفت ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے بلال اظہر کیانی نے کہا کہ محمد اورنگزیب کی واشنگٹن میں (بقیہ 62 صفحہ 03)

ڈیجیٹل ٹیکس کا خاتمہ آئی ایم ایف کو اعتماد میں لے کر کیا گیا، وزارت خزانہ

اسلام آباد (صباح نیوز) وزارت خزانہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ڈیجیٹل ٹیکس کا خاتمہ آئی ایم ایف کو اعتماد میں لے کر کیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وزارت خزانہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ حکومت نے آئی ایم ایف کی رضامندی سے ٹیکس ختم کیا، کوئی اضافی ٹیکس (بقیہ 65 صفحہ 03)

زائرین کیلئے آپریٹرز کو چارٹر سروسز شروع کرنیکی دعوت

فضائی رابطے کے ذریعے سہولت فراہم کریں گے، پاکستانی حکام

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان سے ایران اور عراق کے لیے جانے والے زائرین کو فضائی سفری سہولت فراہم کرنے کے لیے اہم فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی (پی سی اے اے) نے تمام آپریٹرز کو پاکستان سے ایران اور عراق کے لیے چارٹر سروسز شروع کرنے کی دعوت دے دی ہے۔ حکام ایران اور عراق جانے والے زائرین کو نقل و حمل (بقیہ 61 صفحہ 03)

عارف علوی، گنڈاپور سمیت پی ٹی آئی کے 50 رہنماؤں کے وارنٹ گرفتاری جاری

انسداد دہشت گردی عدالت کا ملزمان کو فوری گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم

اسلام آباد (صباح نیوز) انسداد دہشتگردی عدالت نے سابق صدر عارف علوی، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور سمیت پی ٹی آئی کے 50 رہنماؤں کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔ تفصیلات کے مطابق 26 نومبر احتجاج کے سلسلے میں تھانہ کراچی کمپنی میں درج مقدمے کی سماعت کے بعد پی ٹی آئی کے 41 رہنماؤں کے وارنٹ گرفتاری عدالت نے آج جاری کیے جب کہ 9 پی ٹی آئی رہنماؤں کے وارنٹ گرفتاری پہلے ہی جاری ہو چکے ہیں، اس طرح مجموعی طور پر 50 پی (بقیہ 60 صفحہ 03)

بھارتی اقدامات خطے کا امن تباہ کر سکتے ہیں، عطا تارڑ

امن کے خواہاں، کشمیر سمیت تمام معاملات کا پرامن حل چاہتے ہیں

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ مودی پر جنگی جنون سوار ہے، بھارتی اقدامات خطے کا امن تباہ کر سکتے ہیں۔ جنوبی ایشیا میں قیام امن کے موضوع پر منعقدہ پالیسی ڈائیلاگ سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ خطے میں (بقیہ 53 صفحہ 03)

اساتذہ بچوں کی تعلیم وتربیت میں دستیاب جدید ذرائع استعمال کریں، راشد قریشی

کراچی (صباح نیوز) ایگزیکٹو ڈائریکٹر الخدمت کراچی راشد قریشی نے کہا ہے الخدمت کے اساتذہ دنیا میں تیزی سے آنے والی تبدیلیوں کو سمجھنے کے لیے بچوں کی تعلیم تربیت میں دستیاب جدید ذرائع کا استعمال کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے طٰحہٰ مسجد بفرزون الخدمت مدارس ضلع وسطی، شمالی، گلبرگ، قائدین اور ضلع جنوبی کے اساتذہ کی مشترکہ پانچ روزہ ورکشاپ کے (بقیہ 54 صفحہ 03)

معروف تصنیف ''جموں کشمیر، بھولا ہوا بیانیہ'' پر تقریب

مسئلہ کشمیر کا اصل، حقیقی بیانیہ دنیا کے سامنے رکھا ہے، چوہدری مسعود سلطان

شیفلڈ (دھرتی نیوز) شیفلڈ سٹی کونسل میں نوجوان کشمیری مصنف چوہدری مسعود سلطان کی لکھی ہوئی کتاب Jammu and Kashmir The Forgotten Narrative کے حوالے سے تقریب کا انعقاد ہوا۔ اس موقع پر چوہدری مسعود سلطان نے تقریب کے شرکا کو اپنی لکھی ہوئی کتاب کے حوالے سے تفصیلاً بریف کیا۔ اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اس کتاب کی (بقیہ 66 صفحہ 03)

شیفلڈ سٹی کونسل میں نوجوان کشمیری مصنف چوہدری مسعود سلطان اپنی لکھی گئی کتاب جموں کشمیر کا بھولا ہوا بیانیہ کے حوالے سے شرکا کو بریفنگ دے رہے ہیں

بھارت کو دنیا میں بے نقاب کر دیا، عرفان صدیقی

وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی راہنمائی میں کارکردگی لائق تحسین ہے، گفتگو

اسلام آباد (صباح نیوز) سینٹ میں مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی پارٹی لیڈر اور قائمہ کمیٹی امور خارجہ کے چیئرمین سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ (بقیہ 55 صفحہ 03)

اسلام آباد: سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس سیکرٹریٹ پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بیرون ملک سے سامان آرڈر کرنے پر عائد ٹیکس واپس

ڈیجیٹل پریزنس پروسیڈز ٹیکس آن لائن خدمات پر لاگو نہیں ہوگا FBR

اسلام آباد (صباح نیوز) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے اعلان کیا ہے کہ بیرون ملک سے آن لائن آرڈر کیے گئے سامان اور خدمات پر عائد ڈیجیٹل پروسیڈز ٹیکس اب یکم جولائی سے موثر انداز میں واپس لے لیا گیا ہے اور اس کا اطلاق ماضی (ریٹرو سپیکٹو) کی بنیاد پر نہیں ہوگا۔ یاد رہے کہ گزشتہ ماہ حکومت نے مقامی اور غیر ملکی ای کامرس پلیٹ فارمز پر نئے ٹیکسز عائد کیے تھے، جس سے پاکستان میں آن لائن خریداری مہنگی (بقیہ 58 صفحہ 03)

زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں میں ڈالر کی قدر میں مسلسل تنزلی

اسلام آباد (صباح نیوز) انٹربینک مارکیٹ اور اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قدر میں کمی کا رجحان بدستور برقرار ہے۔ کرنسی ڈیلرز کے مطابق آج کاروبار کے دوران مسلسل ساتویں روز ڈالر کی قدر میں کمی دیکھی گئی، اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈا (بقیہ 59 صفحہ 03)

خیبر پختونخوا، سینیٹ نشست پر ضمنی انتخاب کیلئے ووٹنگ شروع نہ ہو سکی

پشاور (صباح نیوز) خیبر پختونخوا میں ثانیہ نشتر کے استعفیٰ کے بعد خالی ہونے والی سینیٹ کی نشست پر ضمنی الیکشن کیلئے مقررہ وقت پر ووٹنگ شروع نہ ہو سکی۔ الیکشن کمیشن کے مطا (بقیہ 67 صفحہ 03)

پاکستان کا جدید ریموٹ سینسنگ سیٹلائٹ لانچ

سیٹلائٹ سی پیک، علاقائی منصوبہ بندی و دیگر امور کی نگرانی کرے گا

کراچی (صباح نیوز) پاکستان کا جدید ریموٹ سینسنگ سیٹلائٹ پاکستانی وقت کے مطابق صبح 7 سے 8 بجے کے درمیان چین کے شیچانگ سیٹلائٹ لانچ سینٹر سے خلا میں کامیابی کے ساتھ روانہ ہو گیا۔ پاکستان اسپیس اینڈ اپر ایٹموسفیئر ریسرچ کمیشن (سپارکو) کے مطابق سیٹلائٹ چین کے ژی چانگ سینٹر سے راکٹ کے ذریعے روانہ کیا گیا۔ ترجمان سپارکو کے مطابق یہ سیٹلائٹ زمین کے (بقیہ 68 صفحہ 03)

بھارت نے کشمیر میں ظلم وستم کا نیا باب کھول دیا ہے، عتیق خان

کشمیریوں کے حوصلے مضبوط، آج بھی نوجوان کشمیری جانوں کا نذرانہ دے کر جدوجہد آزادی کو جاری رکھے ہوئے ہیں

اقوام متحدہ کی قراردادوں کی روشنی میں کشمیری عوام کو ان کا حق خودارادیت دیا جانا چاہیے، صدر آل جموں کشمیر مسلم کانفرنس

مظفرآباد (کے پی آئی) آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کے صدر وسابق وزیراعظم آزاد کشمیر سردار عتیق احمد خان نے مقبوضہ کشمیر کی تازہ ترین صورتحال، تحریک آزادی کشمیر، پاک فوج کے کردار اور بھارت کی جانب سے جاری پروپیگنڈے پر تفصیلی بیان میں کہا ہے کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، جس کے بغیر پاکستان نامکمل ہے۔ بھارت مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں کر رہا ہے اور عالمی برادری کی خاموشی اس ظلم پر مہر تصدیق ثبت کر رہی ہے۔ سردار عتیق احمد خان نے واضح کیا کہ 5 اگست 2019 کو بھارتی حکومت کی طرف سے آرٹیکل 370 اور 35A کے خاتمے کے بعد کشمیری عوام (بقیہ 56 صفحہ 03)

ٹرمپ نے پاکستان کیساتھ روابط مضبوط کیے، مشاہد حسین

بھارت صرف مودی اور آر ایس ایس کا نام نہیں ایک ملک ہے

اسلام آباد (صباح نیوز) سینئر سیاستدان مشاہد حسین سید نے کہا ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے پاکستان کے لیے ٹیرف ختم کر کے پاکستان کے ساتھ تجارت روابط مضبوط کیے۔ اسلام آباد میں جنوبی ایشیا میں قیام امن کے موضوع پر منعقدہ پالیسی ڈائیلاگ سے خطاب کرتے ہوئے مشاہد (بقیہ 57 صفحہ 03)

لندن، انڈیا کا سیمی فائنل پاکستان کے ساتھ کھیلنے سے انکار

پاکستان ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز کے فائنل میں پہنچ گیا، انڈیا اس ٹورنامنٹ کا دفاعی چیمپئن تھا

انڈیا اور پاکستان کے میچ کی منسوخی کے بعد شائقین کو ٹکٹ کی 50 فیصد رقم واپس کی جائے گی، سٹیڈیم انتظامیہ

لندن (صباح نیوز) برطانیہ میں جاری سابق کھلاڑیوں کے کرکٹ ٹورنامنٹ ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز کی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ انڈیا کی جانب سے سیمی فائنل میں پاکستان کا مقابلہ کرنے سے انکار کے بعد پاکستانی ٹیم فائنل میں پہنچ گئی۔ پاکستان اور انڈیا کا میچ آج کھیلا جانا تھا لیکن ایونٹ انتظامیہ کی جانب سے جاری کیے گئے بیان میں کہا گیا کہ انڈیا کے انکار کے بعد پاکستان سے اس کا میچ منسوخ کر دیا گیا ہے اور پاکستانی ٹیم فائنل میں پہنچ گئی۔ فائنل میں پاکستان کا مقابلہ ٹورنامنٹ کے دوسرے سیمی فائنل کی فاتح ٹیم سے ہو گا جو جنوبی افریقہ اور آسٹریلیا کے مابین کھیلا جائے گا۔ برمنگھم کے ایجبسٹن (بقیہ 69 صفحہ 03)

مظفرآباد: وزیر جموں وکشمیر لبریشن سیل امتیاز نسیم، سابق وزیر نور دین عارف، امیر جماعت اسلامی آزاد کشمیر ڈاکٹر مشتاق، شوکت جاوید میر و دیگر غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان مرحوم کی برسی کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ
کشمیر دھرتی
www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ★ ایڈیٹر: عمر خیام

مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی دہشت گردی

مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی فورسز کی جانب سے ریاستی دہشت گردی کا سلسلہ ایک بار پھر شدت اختیار کر گیا ہے۔ حالیہ اطلاعات کے مطابق ضلع پونچھ میں کنٹرول لائن کے قریبی علاقوں میں قابض بھارتی فورسز نے تلاشی اور محاصرے کی کارروائیوں کے دوران دو بے گناہ کشمیری نوجوانوں کو شہید کر دیا۔ یہ مظالم نہ صرف انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزی ہیں بلکہ عالمی برادری کی خاموشی پر بھی ایک بڑا سوالیہ نشان ہیں۔ قابض افواج کی جانب سے ضلع پونچھ، کٹھوعہ، اور سرینگر کے مختلف علاقوں میں جس طرح تلاشی آپریشن کیے جا رہے ہیں، وہ خطے میں خوف و ہراس، عدم تحفظ اور بے چینی کو مزید بڑھا رہے ہیں۔ بھارتی فورسز کا یہ دعویٰ کہ مشتبہ نقل و حرکت کے باعث کارروائی کی گئی، اکثر اوقات صرف پردہ پوشی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ماضی کی طرح اس بار بھی نوجوانوں کو جعلی مقابلے میں شہید کر کے بعد ازاں انہیں عسکریت پسند قرار دیا گیا، جو ایک خطرناک اور جھوٹ پر مبنی بیانیہ ہے۔ یہ بات افسوسناک ہے کہ بھارتی ریاستی ادارے آئے روز کشمیری نوجوانوں کو ماورائے عدالت قتل، جبری گمشدگی، اور بے بنیاد مقدمات میں گرفتار کرنے جیسے ہتھکنڈے استعمال کر رہے ہیں۔ حالیہ گرفتاری جس میں ایک نوجوان کو صرف اس بنا پر پکڑ لیا گیا کہ وہ سرینگر جا رہا تھا اس ظلم و جبر کی ایک اور مثال ہے۔ اس گرفتاری کو "عسکریت پسندوں کا ساتھی" قرار دینا انصاف کا مذاق اور انسانی وقار کی توہین ہے۔

بھارتی حکومت کا یہ جابرانہ طرز عمل صرف اور صرف کشمیری عوام کو ان کے حق خودارادیت سے محروم رکھنے کی سازش ہے۔ جب بھی کشمیری عوام آواز بلند کرتے ہیں یا کسی قسم کا سیاسی یا سماجی احتجاج ریکارڈ کرواتے ہیں تو ان کے خلاف طاقت کا بے دریغ استعمال کیا جاتا ہے۔ اقوام متحدہ، او آئی سی، اور انسانی حقوق کی تنظیموں کو چاہیے کہ وہ کشمیر میں جاری بھارتی مظالم کا سخت نوٹس لیں اور فوری طور پر وہاں غیر جانبدار تحقیقاتی کمیشن بھیجیں تاکہ زمینی حقائق سامنے آ سکیں۔ کشمیری عوام کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ ان کا جذبہ حریت، ظلم و بربریت کے خلاف مزاحمت، اور حق خودارادیت کے لیے جدوجہد بالآخر رنگ لائے گی۔ بین الاقوامی برادری کی خاموشی اگرچہ اس وقت بھارت کو کھلی چھوٹ دے رہی ہے مگر تاریخ گواہ ہے کہ ظلم زیادہ دیر قائم نہیں رہتا۔ کشمیریوں کے لہو سے جو تحریر لکھی جا رہی ہے وہ مستقبل کی آزادی کی نوید بنے گی۔

مون سون کی تباہکاریاں اور اور سیاسی

امیدوں کے چراغ
خواجہ شریف عباسپوری

ہر سال کی طرح مون سون کی آمد کے ساتھ پورے ملک میں شدید بارشوں کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے برساتی پانی کی وجہ سے ندی نالوں اور دریاؤں میں طغیانی کی وجہ سے سیلابی صورت حال درپیش ہے ہر علاقے میں بارشوں کی وجہ سے روزمرہ زندگی کے معمولات متاثر ہو رہے ہیں۔ تاجر، ملازم، مزدور، کاشتکار، مسافر سب ہی شدید طور پر معاشی بحران کا شکار ہو رہے ہیں۔ کھڑی فصلیں سیلابی ریلے کی وجہ سے تباہ ہو رہی ہیں خاص طور پر میدانی علاقوں میں دریاؤں کے سیلابی پانی کی وجہ سے کئی علاقے ڈوب چکے ہیں لاکھوں کی املاک مال مویشی اور ساری زندگی کے اثاثہ جات کا نقصان ہو چکا ہے۔ شہروں میں سیوریج سسٹم درست نہ ہونے کی وجہ سے گٹروں کے گندے اور تعفن زدہ پانی کی وجہ سے کئی بیماریاں پھیلنے کے شدید خطرات موجود ہیں مون سون کے خطرات کی پری پلاننگ کرنے والے اداروں کی بروقت منصوبہ بندی نہ ہونے کی وجہ سے لاکھوں لوگ مشکلات کا شکار ہو جاتے ہیں۔ برساتی پانی کو محفوظ کرنے کی کوئی لانگ ٹرم منصوبہ بندی نہ ہونے کی وجہ پانی ضائع ہو جاتا ہے۔ بدلتے موسم کے ساتھ سیاحوں کے ساتھ کئی حادثات ہو چکے ہیں۔ ریاستی انتظامی اداروں کو سیاحوں کی آمد کے موقع پر تمام انٹری پوائنٹس پر خاص طور پر پہاڑوں اور ندی نالوں کے کناروں پر سیر و تفریح کرنے والوں کو لینڈ سلائیڈنگ اور اچانک آنے والے ندی نالوں کے بارے میں بریف کرنا لازم ہے نالوں اور شاہراہوں کے ساتھ ناجائز تجاوزات مافیاز کے لئے تجاوزات کے دشمن کمشنر پونچھ ڈویژن محترم مسعود الرحمان خان کی توجہ دلانا مقصود ہے کیونکہ جب یہ لوگ حادثات کا شکار ہو جاتے ہیں تو سارا نزلہ انتظامی اداروں پر گرا کر معاوضہ طلب کرتے ہیں، حالیہ مون سون کی بارشوں اور اڈا اوچن ڈیم کی واٹر اپ سٹوریج کی وجہ سے ہر سال کی طرح اڈا اوچن روڈ بلاک ہو جاتی ہے یہ متاثرہ علاقہ چونکہ راولپنڈی اور پنجاب حکومت کی حدود میں آتا ہے مگر راولپنڈی کے محکمہ شاہرات کی غفلت، لاپرواہی اور عدم دلچسپی کی وجہ سے پونچھ ڈویژن کے لاکھوں لوگ شدید سفری مشکلات کا شکار ہوتے ہیں، حالیہ بارش اور سڑکوں کی بندش کی وجہ اڈا اوچن روڈ کو کھولنے کے لئے ضلع سدھنوتی پلندری کی انتظامیہ کے ڈپٹی کمشنر سید ممتاز کاظمی کی نگرانی میں۔۔۔ اے سی رضوان لطیف اور محکمہ شاہرات پلندری کے تمام ذمہداروں / اہلکاروں نے بھاری مشینری کے ساتھ راولپنڈی کی حدود میں پھنسی ہوئی ہزاروں گاڑیوں اور لاکھوں بے بس اور مجبور مسافروں کے لئے انسانی جذبے کے تحت سڑک کو بحال کرنے میں برستی برسات میں اہم کردار ادا کیا ورنہ خوراک۔ پانی اور واش روم کی عدم دستیابی کی وجہ سے بچے بوڑھے اور مسافر خواتین تڑپ رہے تھے۔ سوال یہ ہے کہ پونچھ ڈویژن کے لاکھوں لوگوں سے ووٹ لے کر حکمرانی کے مزے لوٹنے والے لیڈر اس اہم معاملے پر مشترکہ طور پر ریاستی حکومت اور راولپنڈی کی انتظامیہ کے سامنے اپنا بھرپور احتجاج ریکارڈ کیوں نہیں کراتے؟؟!! یہ ڈیفنس روڈ بند ہونے کی صورت میں دشمن کی جانب سے کوئی بھی وار کیا جا سکتا ہے، اس کے علاوہ پورے پونچھ ڈویژن کے لاکھوں عوام کے طلب و رسد کے ذرائع بند ہو جاتے ہیں جسکی وجہ سے اشیاء خورد و نوش مہنگی اور ناپید بھی ہو جاتی ہیں حکومت آزاد کشمیر اور پونچھ ڈویژن کے لیڈروں کو عوامی سفری مشکلات کا ازالہ کرنا انکا فرض اولین ہے۔ پونچھ ڈویژن کے لوگو "" مثل مشہور ہے کہ جب تک بچہ نہ روئے ماں بھی دودھ نہیں دیتی، اگر آپ ان معاملات پر اکٹھے ہو کر اپنا حق نہیں لے سکتے تو آپکو اس دھرتی پر بوجھ بننے کے بجائے مر جانا چاہیے۔۔۔۔۔۔۔۔ جس طرح مون سون کے موسم میں شدت آگ رہی ہے اسی طرح ہر چار سال کیبعد اقتدار کے مزے لینے والے آمدہ الیکشن کے ووٹ لینے کے لئے آخری سال۔۔۔ نئے نئے سادہ لباس۔۔، مصلے نمازی ٹوپیوں کے ساتھ نئے نعروں اور وعدے لے اپنے اپنے حلقوں میں آ کر غریبوں مسکینوں اور دکھ درد کے ماروں کی خبر گیری کا درد ان میں پیدا ہو گیا ہے، کہیں چمک کہیں دھمکی، ٹوٹی، کھمبے، ٹینک، پائپ واٹر ٹینک، لنک سڑکوں بجلی واروں اور پرمٹ۔۔۔ ٹھیکوں کے حسین لولی پاپ دکھانے کے لئے اپنے مخصوص مفاداتی ایجنٹوں کے ذریعے سبز باغ کالے باغ دکھانے، دودھ اور شہد کی نہریں بہانے کے نت نئے وعدے لے کر آتے ہیں چار سال پہلے مرنے والوں کی تعزیت، نئے پیدا ہونے والوں کی مبارکباد، گھر کے بوڑھے بزرگوں کے ساتھ جھک جھک کر ملنا بڑی بڑی گاڑیوں میں روڈ پر چلتے ہوئے کسی بزرگ کسی غریب کی خاطر ایکدم گاڑی سے نیچے اتر کر چند خیرات کے نوٹ دے کر فوٹو سیشن کرنا یہ تمام اداکاریاں یہ لوگ الیکشن کے دن تک کریں گے آج اسے لوٹ کر ادھر شامل ہوئے یہ گیا وہ آیا وہ ہمارا یہ سب کچھ کیا جائے گا ہار مالا سے گاڑیاں بھری ہونگی۔۔۔ بجلی اور آٹے کی گرانی ختم کرتے وقت جو لوگ عوام کے ساتھ نہیں تھے اور ووٹ لیتے وقت وہ مسکین بن کر آ رہے ہیں تو عوام کو اچھے برے کی پہچان کرنا ہوگی ووٹ کا صحیح استعمال کرنا ہر شہری حق ہے قبیلوں کی سیاست کرنے والوں سے ہوشیار رہ کر اپنے ضمیر کی مقدس امانت۔ ایسے لوگوں کے حوالے کریں جنکا ماضی بے داغ ہو جو کرپشن مافیا اور کمیشن مافیا قبضہ مافیاز کے سہولت کار نہ ہوں، جو متکبر جاہل اور بد اخلاق نہ ہوں جو ہر وقت غریب کے لئے دستیاب ہوں جنکی گردن میں سریا نہ ہو، اگر اس مرتبہ لوگوں نے پھر قبیلوں اور خاندانوں کی سیاست کرنے والوں کا ساتھ دیا تو یہ آپکی نسلوں کے ساتھ بہت بڑا ظلم ہوگا اہلیان عباسپور آپ سڑکوں پلوں تعلیمی اداروں ہاسپٹلز اور صحت کی محرومیوں کا خیال نہیں رکھیں گے میرٹ نہیں رکھیں گیا اور انکی کارکردگی کو چیک نہیں کریں گے تو یاد رکھیے کہ پھر محرومیاں اپکی نسلوں کا مقدر رہیں گی لہٰذا انہیں پہچانیے جو لوگ امانت، دیانت، شرافت، صداقت اور دوسروں کی عزت نفس کا خیال رکھیں وہی آپکے ووٹ کے صحیح حقدار ہیں۔ ایک توجہ طلب بات تراڑوئی پولیس میلہ کے لوگوں کی طویل مشکلات کا ازالہ کرنے کیلئے ایم۔ٹی۔بی۔سی کے انسان دوست چیئرمین محمود الحق صاحب نے دیگر رفاہی کاموں کی طرح عباسپور تراڑوئی ہالیپر لوگوں کی مشکلات دیکھ کر ایک رابطہ پل تعمیر کر کے عوام کو طغیانی سے محفوظ کیا، جو کہ حکومتوں کا کام تھا، کچھ لوگ اس پل پر گاڑیاں گزارتے ہیں جس سے پل کو نقصان پہنچنے کا خطرہ ہے اس لئے عباسپور انتظامیہ اور محکمہ شاہرات کو اس پل پر گاڑیوں کی آمد و رفت کو ختم کرنا چاہیے،، شنید ہے کہ اس رابطہ پل کی تعمیر مضبوط انداز میں نہیں کی گئی جسکی وجہ سے حالیہ بارشوں میں پل کی بنیادیں متاثر ہوئی ہیں۔ اسکے علاوہ عباسپور میں کئی سرکاری عمارتیں انتہائی بوسیدہ ہیں کسی وقت کوئی حادثہ ہو سکتا ہے۔ لہٰذا اس پر بھی تحقیقات ہونی چاہیے کہ ذمہدار کون ہے؟؟!!! کوئی مانے نہ مانے ہم امیدوں۔ کے چراغ جلاتے رہیں گے۔۔۔ کالم

سدھن ایجوکیشنل کانفرنس کا تاریخی پس منظر، نئے منتخب صدر سے توقعات!

مقدمہ کشمیر
سردار طاہر تبسم
tahirtabassum1@gmail.com

جنوبی ایشیا کی سب سے قدیم، جاندار اور اہم ترین سماجی و تعلیمی تنظیم سدھن ایجوکیشنل کانفرنس کی جنرل کونسل کے اجلاس میں اتفاق رائے سے ممتاز کاروباری و سماجی شخصیت اور مقبول نوجوان رہنما سردار شاہزیب شبیر خان کو صدر منتخب کیا ہے جس کا شہرہ اب تک دیکھنے میں آ رہا ہے اور اس فیصلے پر ہر شعبہ زندگی کے اکابرین کی طرف سے تحسین کی جا رہی ہے کیونکہ اتنی موثر اور طاقتور تنظیم کا سربراہ ہونا بذات خود ایک بڑا اعزاز ہے اور اس مرتبہ ایک ممتاز کاروباری اور نوجوان شخصیت کا صدر منتخب ہونا یقینی طور پر بہت احسن اور قابل فخر ہے سردار شاہزیب شبیر اعلیٰ تعلیم یافتہ، تجربہ کار اور بے حد اخلاص، رواداری و ہمدردی سے لبریز شخصیت کے مالک اور بہت بڑے کاروباری گھرانے کے چشم و چراغ ہیں انہوں نے امریکہ سے بزنس ایڈمنسٹریشن اور تاریخ کی ڈگریاں حاصل کیں اور 2016 تک امریکہ میں کئی اہم کاروباری ذمہ داریاں نبھائیں اور بزنس و سماجی آگہی و شعور کے ساتھ پرورش پائی ان کے والد محترم سردار شبیر خان کا کاروبار پاکستان، آزاد کشمیر اور بیرون ممالک تک پھیلا ہوا ہے جس

کی ذمہ داری سردار شاہزیب شبیر کے سر ہے اور بلاشبہ وہ کئی سالوں سے بڑی کامیابی کے ساتھ اسے سنبھالے ہوئے ہیں۔ اب ان پر سدھن ایجوکیشنل کانفرنس کے صدر کی اہم ذمہ داری بھی آن پڑی ہے جو ایک ذمہ داری ہی نہیں بلکہ پوری ریاست اور قبیلہ کی بہت ساری توقعات بھی ان سے وابستہ ہو گئی ہیں۔

اکانوے سال قبل معرض وجود میں آنے والی اس تنظیم کی تاریخ ایک بڑے عہد اور آٹھ دہائیوں پر مشتمل ہے جس کے بانی جدید پونچھ کے سرخیل کرنل خان محمد خان مرحوم نے ڈوگرہ دور میں اس کی بنیاد رکھی تھی جس وقت ریاستی قبائل ظلم و جبر اور لاقانونیت کے تیر سے دوچار تھے اور دیگر قبائل کے زعما نے متحد ہو کر اتفاق رائے سے سدھن قبیلہ کے نام پر اس تنظیم کا نام سدھن ایجوکیشنل کانفرنس رکھا کیونکہ سدھن قبیلہ کے علاوہ باقی قبائل ڈوگرہ راج کے جبر کا مقابلہ کرنے سے خوفزدہ تھے چنانچہ اس وقت کے سرگرم مجاہدین سردار اکرم عباسی، سردار محمد ایوب خان اور سید حسن شاہ گردیزی کی تجویز و تائید سے تنظیم کی بنیاد پونچھی میر خان تراڑ کھل میں بڑے عوامی اجتماع میں رکھی گئی جس کے بنیادی مقاصد سماجی برائیوں، غیر شرعی اور ہندوانہ رسوم کا خاتمہ، اصلاح معاشرہ، دینی تعلیم کا فروغ، اتحاد و اتفاق، باہمی تنازعات میں صلح و صفائی، تعلیمی پسماندگی کو دور کرنے کے لئے کام کرنا تھا جس کے لئے عوامی مدد سے بھرپور اقدام اٹھائے گئے، تعلیمی وظائف کا اجرا کیا گیا، مٹھی آٹا سکیم اسی کا حصہ تھا۔ دینی تعلیم کے لئے دارالعلوم تعلیم القرآن پلندری کی بنیاد رکھی گئی۔ اعلیٰ تعلیم کے لئے وظائف مقرر کئے گئے اور بانی صدر آزاد کشمیر غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان، سابق مشیر حکومت سردار حبیب خان چیف جسٹس سردار شریف خان اور بہت ساری نامور نابغہ روزگار شخصیات کی اعلیٰ تعلیم میں مالی معاونت ہوئی جو بعد میں بہت بڑے مناصب پر پہنچی اب تک بلا امتیاز تمام قبائل کے ہزاروں افراد اس تنظیم کے تعلیمی وظائف سے اعلیٰ تعلیم حاصل کر چکے ہیں اور یہ مشن اسی جذبے اور انہماک سے اب تک جاری ہے۔ اس سال 76 طلبا کو اعلیٰ تعلیم کے لئے وظائف دیئے جا چکے ہیں۔

سردار شاہزیب شبیر کو ایک اور اعلیٰ اعزاز حاصل ہوا ہے کہ وہ تیسری عوامی شخصیت ہیں جو اس منصب پر منتخب ہوئی ہیں قبل ازیں سردار مختار خان ایڈووکیٹ اور ڈاکٹر سردار محمد کلیم خان اس منصب پر رہ چکے ہیں جبکہ طویل عرصہ تک اس تنظیم کے سربراہان ریٹائرڈ آرمی آفیسرز اور بیوروکریٹس

رہے ہیں جو نظم و ضبط اور انتظام و انصرام میں مہارت رکھنے کی شہرت رکھتے ہیں اس حوالے سے کرنل نور حسین، کرنل کمال خان، سردار حبیب خان، کرنل ذاکر حسین، کرنل سرور خان اور ریٹائرڈ سیکرٹری سردار صدیق خان کے صدارتی ادوار کی مثال بھی دی جا سکتی ہے۔

تاہم تنظیم کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر غلام حسین خان کی محنت و ریاضت اور اعلیٰ کارکردگی کا میں بہت معترف ہوں جنہوں نے تنظیم کے بکھرے ریکارڈ کو سنبھالا اور اس قیمتی ڈیٹا کو محفوظ کیا رات دن محنت سے تمام اکابرین کی فہرست بندی کی اور فنڈز و اراکین کی تفصیل سے سب کو آگاہ کیا تنظیم کی محکمہ سوشل ویلفیئر میں رجسٹریشن بھی کروائی یہ سب کام خاصی محنت کے متقاضی ہیں۔

کشمیر میں ظلم و بربریت کی لازوال داستان

قلم برداشتہ
صباء زراعت
Saba Zarait@gmail.com

وادی کشمیر ایک ایسا خطہ ہے جو قدرتی حسن، برف پوش پہاڑوں اور نیلگوں چشموں کے ساتھ ساتھ صدیوں پر محیط تاریخ، تہذیب اور ثقافت کا امین ہے۔ مگر بدقسمتی سے یہ جنت نظیر وادی گزشتہ کئی دہائیوں سے خون آشام ظلم، استبداد اور بربریت کی تلخ داستان بن چکی ہے۔ مقبوضہ کشمیر کے نہتے عوام پر ریاستی دہشتگردی، عسکری محاصرے، جبری گمشدگیوں اور ماورائے عدالت قتل جیسے گھناؤنے جرائم کا نہ تھمنے والا سلسلہ جاری ہے۔ ہر دن وادی میں معصوموں کے جنازے اٹھتے ہیں اور ہر رات ایک اور ماں کی گود اجڑتی ہے۔ قابض افواج کی جانب سے نافذ کردہ کرفیو، انسانی حقوق کی بدترین پامالی، اور اظہار رائے پر قدغن نے کشمیریوں کی زندگی کو جہنم بنا دیا ہے۔ انٹرنیٹ اور مواصلاتی نظام کی بندش، صحافت پر پابندی اور عالمی مبصرین کی عدم رسائی نے وادی کو ایک قید خانہ بنا دیا ہے۔ تعلیم، صحت اور روزگار کے مواقع ناپید ہوتے جا رہے ہیں جبکہ نوجوان نسل کو صرف احتجاج اور شہادت کا راستہ دکھایا جا رہا ہے۔ اس ظلم و جبر کے خلاف کشمیری عوام نے جو صبر، استقلال اور مزاحمت کا مظاہرہ کیا ہے، وہ انسانی تاریخ میں اپنی مثال آپ ہے۔ کشمیر کی گلیوں میں لہو کی لکیریں، ماں کے آنسو، بچوں کی یتیمی اور باپ کی گمشدگی، ان سب نے ایک ایسا المیہ جنم دیا ہے جو عالمی ضمیر کو جھنجھوڑنے کے لیے کافی ہے، بشرطیکہ وہ جاگے۔ اقوام متحدہ سمیت عالمی برادری کا مجرمانہ خاموشی اختیار کرنا مظلوموں کے زخموں پر نمک پاشی کے مترادف ہے۔ کشمیر میں ظلم کی یہ داستان محض سیاسی یا جغرافیہ مسئلہ نہیں، بلکہ انسانیت کا ایسا زخم ہے جو انصاف کا طلبگار ہے۔ جب تک کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق، حق خودارادیت نہیں دیا جاتا، تب تک یہ ظلم ایک تاریخ بن کر ہر دور کے ضمیر کو للکارتا رہے گا۔ کشمیر محض ایک خطہ زمین نہیں بلکہ یہ ایک ایسی سرزمین ہے جو آزادی، قربانی اور حریت کی تابناک علامت بن چکی ہے۔ برصغیر کی تقسیم کے بعد سے لے کر آج تک کشمیری عوام نے مسلسل ظلم، جبر اور طاقت کے مقابل حق و سچ کی جنگ لڑی ہے۔ ان کی جدوجہد محض ایک سیاسی تحریک نہیں، بلکہ یہ انسان کے بنیادی حق، یعنی حق خودارادیت کا مقدمہ ہے۔ کشمیری عوام نے لاکھوں جانوں کا نذرانہ دے کر دنیا کو یہ پیغام دیا ہے کہ وہ غلامی کے کسی بھی طوق کو قبول کرنے کے لیے تیار نہیں۔ اس وادی میں ہر صبح سورج، ستم رسیدہ ماں کے آنسوؤں میں طلوع ہوتا ہے اور ہر شام ایک شہید کے جنازے کے سائے میں ڈھلتی ہے۔ یہاں بچے کتبوں کے سائے میں کھیلتے ہیں، مائیں اپنے بیٹوں کے جنازے سجاتی ہیں اور نوجوان اپنی زندگیوں کو آزادی کی شمع کے لیے وقف کر رہے ہیں۔ اس کے باوجود ان کے حوصلے پست نہیں ہوتے بلکہ ہر ظلم ہر پابندی ہر کرفیو ان کے ارادوں کو اور بھی مضبوط کرتا ہے۔ بدقسمتی سے عالمی طاقتیں اور انسانی حقوق کی علمبردار تنظیمیں کشمیریوں کی اس لازوال قربانی پر آنکھیں موندے بیٹھی ہیں۔ کشمیر کا مسئلہ کسی ایک قوم یا ملک کا نہیں بلکہ یہ بین الاقوامی انصاف، انسانی وقار اور ضمیر کا سوال ہے۔ جب تک کشمیریوں کو حق رائے دہی نہیں ملتا تب تک دنیا کا امن بھی ادھورا اور انصاف بھی نامکمل رہے گا۔ کشمیر کی آزادی کی یہ جدوجہد ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ سچ، قربانی، اور صبر کبھی رائیگاں نہیں جاتے۔ وہ دن ضرور آئے گا جب کشمیر میں آزادی کی ہوائیں چلیں گی۔ اذانیں خوف کے بغیر بلند ہوں گی اور یہ سرزمین پھر سے امن، خوشحالی اور آزادی کا گہوارہ بنے گی۔ کشمیریوں کی یہ تحریک تاریخ میں سنہرے حروف سے لکھی جائے گی۔ بطور مثال کہ ظلم کے اندھیرے ادوار میں بھی حق کی روشنی کبھی مدھم نہیں پڑتی۔ کشمیر میں دہائیوں سے جاری ظلم و بربریت پر عالمی برادری کی خاموشی ایک ایسا المیہ ہے جو انسانیت کے ضمیر پر سوالیہ نشان بن کر کھڑا ہے۔ ایک طرف وادی کشمیر میں نہتے عوام کو طاقت کے بل پر کچلا جا رہا ہے ان کے بنیادی حقوق سلب کیے جا رہے ہیں اور دوسری جانب وہ ادارے اور اقوام جو انسانی حقوق کے علمبردار ہونے کے دعویدار ہیں خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ اقوام متحدہ کی متعدد قراردادوں کے باوجود کشمیریوں کو ان کا حق خودارادیت نہیں دیا گیا، جو اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ عالمی طاقتیں اپنے مفادات کو انصاف پر مقدم سمجھتی ہیں۔

عالمی میڈیا اور انسانی حقوق کی تنظیمیں جو معمولی واقعات پر بھی شور مچا دیتی ہیں، وہ کشمیر میں ہونے والے نسل کشی جیسے مظالم پر مجرمانہ خاموشی اختیار کیے ہوئے ہیں۔ آئے دن معصوم کشمیری نوجوانوں کو شہید کیا جاتا ہے عورتوں کی عزت پامال کی جاتی ہے اور پورے علاقے کو جیل میں تبدیل کر دیا گیا ہے لیکن دنیا کے ضمیر کو جیسے سانپ سونگھ گیا ہو۔ ان کی خاموشی مظلوموں کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے۔ یہ خاموشی صرف ظلم کے ساتھ سمجھوتہ نہیں بلکہ اس کی تائید بھی ہے۔ جب ظالم کو کوئی روکنے والا نہ ہو، اور مظلوم کی آہ کو کوئی سننے والا نہ ہو تو یہ انسانیت کی شکست ہوتی ہے۔ کشمیر میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ صرف ایک قوم پر ظلم نہیں بلکہ پوری دنیا کے انصاف، ضمیر اور اصولوں کا امتحان ہے۔ وقت آ چکا ہے کہ عالمی طاقتیں اپنے مفادات سے بالاتر ہو کر مظلوم کشمیریوں کے لیے آواز بلند کریں، ورنہ تاریخ انہیں بے حسی کے مجرم کے طور پر یاد رکھے گی۔

سعودی عرب کا بارش کے پانی کو محفوظ رکھنے کے لیے بڑا فیصلہ

سعودی عرب (اے ایف پی) سعودی عرب میں وزیر ماحولیات پانی و زراعت انجینئر عبدالرحمان الفضلی نے کہا ہے کہ مملکت میں بارش کے پانی کو محفوظ کرنے کے لیے مختلف گورنریٹس کے حال 1000 ڈیم تعمیر کرنے پر کام کر رہے ہیں، دو ڈیم تیزی سے تعمیر کیے جا رہے ہیں۔ سعودی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق سرکاری اداروں کی مشترکہ پریس بریفنگ کے دوران ان کا کہنا تھا کہ ڈیم کی علاوہ ماحولیات کی قومی اسٹریٹجی پر تیزی سے کام جاری ہے، ماحولیات کے تحفظ اور پائیدار ترقی میں اضافے کیلئے 5 ماحولیاتی سینٹرز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ سعودی گرین انیشیٹو کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ سرسبز سعودی عرب اقدام کے تحت 500 ہزار ہیکٹر بنجر اراضی کو کاشت کے قابل بنایا گیا ہے اور 151 ملین پودوں کی کاشت کامیابی سے کی جا چکی ہے۔ سال 2030 تک 215 ملین پودے اگانے کا ہدف حاصل کر لیا جائے گا۔ رپورٹس کے مطابق انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی سیاحت کے حوالے سے مملکت کی سطح پر پارکوں اور تفریح گاہوں کی تعمیر میں غیر معمولی ترقی ہوئی ہے۔ اس وقت پارکوں کی تعداد 500 تک پہنچ چکی ہے جو ماضی میں صرف 18 ہوا کرتے تھے۔ تحفظ فطری حیات سے متعلق بات کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ آٹھ ہزار کے قریب ایسے جانور جو معدوم ہونے کے قریب تھے ان کی افزائش نسل کے لیے فطری ماحول فراہم کیا گیا۔ ہوا میں آلودگی کی سطح کو کم کرنے کیلئے ایئر کوالٹی مانیٹرنگ سینٹرز کے قیام پر تیزی سے کام کیا گیا تاکہ ان کی تعداد میں اضافہ کیا جائے جو اب بڑھ کر 240 سینٹرز تک پہنچ گئے ہیں۔ سعودی وزیر کا کہنا تھا کہ سال 2016 میں یوسیبل واٹر ٹریٹمنٹ کی گنجائش 8.8 ملین مکعب میٹر ہوتی تھی جس میں 100 فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔

سعودی عرب: غزہ کیلئے غذائی امداد سے لدے مزید ٹرک روانہ

سعودی عرب (اے ایف پی) سعودی عرب سے شاہ سلمان مرکز کے تحت غزہ کے لیے غذائی امداد لے کر جانے والے مزید سات ٹرکوں نے بدھ کو رفح بارڈر کراسنگ کو عبور کر لیا۔ سعودی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق یہ انسانی امداد فلسطینی عوام کی فوری مدد کے لیے سعودی عرب کی جاری مہم کا حصہ ہے۔ رپورٹس کے مطابق شاہ سلمان مرکز کی جانب سے اب تک 58 طیاروں اور آٹھ بحری جہازوں کے ذریعے 7 ہزار 188 ٹن امدادی سامان غزہ روانہ کیا جا چکا ہے۔ اس سامان میں شیلٹرز، طبی اور غذائی امداد کے علاوہ فلسطینی ہلال احمر سوسائٹی کو دی جانے والی 20 ایمبولینس شامل ہیں۔ رپورٹس کے مطابق مرکز نے غزہ کی پٹی میں فلسطینی عوام کے لیے امدادی منصوبوں کی فنڈنگ کیلئے معاہدوں پر بھی دستخط کیے۔

مہاجرین کی 12 نشستیں متنازعہ کیوں ہیں؟

سچ تو یہ ہے
بشیر سدوزئی
bashirsaddozai@gmail.com

سچ تو یہ ہے کہ آج آزاد کشمیر کی سیاست اور تحریک آزادی شملہ معاہدے کی اس لکیر پر کھڑی ہے جہاں خواب اور حقیقت ایک دوسرے سے گلے ملنے سے انکاری ہیں۔ آزاد جموں و کشمیر میں سیاسی افراتفری بھی اسی لکیر سے جڑی ہوئی ہے۔ فیڈرل کونسلری سے سے زیادہ ٹیڑھی لکیر کو سیدھا کرنے کی ضرورت ہے ورنہ عوامی مطالبات میں اضافہ ہوتا رہے گا اور پھر چیخ و پکار بھی ہوگی۔ عوامی ایکشن کمیٹی نے مہاجرین کی 12 نشستوں کو چیلنج کیا تو ایوان اقتدار میں وہ شور سنائی دیا جو شاید اس وقت بھی نہ سنائی دیا تھا جب ذوالفقار علی بھٹو نے "بیس کیمپ" کے نظریے اور داخلی خودمختاری کو دفن کیا تھا۔ یہ نشستیں، جو کبھی جلاوطن کشمیریوں کی شناخت اور سیاسی وابستگی کو زندہ رکھنے کے لیے قائم کی گئی تھیں، آج پاکستان کی سیاسی اشرافیہ کے لیے طاقت کا توازن قائم رکھنے کا ذریعہ بن چکی ہیں۔ آزاد کشمیر کے عوام کی شکایت یہ ہے کہ ان نشستوں پر براجمان نمائندے مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کی آواز پاکستانی عوام تک پہنچانے کے بجائے پاکستان کی سیاسی اشرافیہ کے لیے کرپشن اور مفاد پرستی کا پل ثابت ہوئے ہیں۔ ان نمائندوں کا اصل فرض یہ تھا کہ پاکستان میں تحریک آزادی کو متحرک رکھتے، مگر وہ آزاد کشمیر کے خزانے پر ہاتھ صاف کرنے میں مصروف رہے۔ نظام کی یہ خاموشی دراصل اس تاریخ کا تسلسل ہے جو 1973ء سے شروع ہوئی تھی، جب داخلی خودمختاری قربان کر کے اقتدار کے سوداگر پیدا کیے گئے۔ سوال یہ ہے کہ وہ 12 نشستیں جو کبھی مہاجرین کے حق نمائندگی کی علامت تھیں، آج کس طرح طاقت کے اس زینے میں بدل گئیں جس پر چڑھ کر آزاد کشمیر کے عوام کو ان ہی کی سرزمین پر محض تماشائی بنا دیا گیا ہے؟ اصل سوال یہ بھی ہے کہ پورے پاکستان میں پھیلے ہوئے ان 12 حلقوں کی ضرورت کیوں تھی، جہاں سے چند ہزار ووٹ لے کر آنے والے افراد پوری اسمبلی کے فیصلوں پر اثر انداز ہو جاتے ہیں؟ اسی وجہ سے آزاد کشمیر کے عوام میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔ 1947ء سے اب تک تقریباً 36 لاکھ افراد مقبوضہ جموں و کشمیر سے بھارتی مظالم سے تنگ آ کر ہجرت کر چکے ہیں۔ یہ محدود آبادی کے لیے ایک بڑی ہجرت تھی۔ ان مہاجرین کو اپنے اصل وطن سے منسلک رکھنے کے لیے یہ نشستیں قائم کی گئیں تاکہ ایک متنازعہ خطے میں، جس کا فیصلہ رائے شماری سے ہونا تھا، ان کی نمائندگی برقرار رہے اور رائے شماری کے وقت ان کا ووٹ شامل ہو سکے۔ یہ اقدام 1970ء کی دہائی میں بڑے غور و خوض کے بعد کیا گیا۔ اس وقت آزاد کشمیر میں پاکستانی سیاسی جماعتوں کو حصہ لینے کی اجازت نہیں تھی۔ انتخابات میں مقابلہ مقامی جماعتوں کے درمیان ہوتا اور مہاجر نمائندوں کو ترقیاتی فنڈز بھی نہیں ملتے تھے۔ اصول یہ تھا کہ ریاستی وسائل ریاست سے باہر خرچ نہیں کیے جا سکتے۔ ان نشستوں کی حیثیت محض نمائشی اور اعزازی تھی، بالکل اسی طرح جیسے آج سری نگر اسمبلی میں آزاد کشمیر کی نشستیں خالی ہیں۔

1973ء میں ذوالفقار علی بھٹو نے وہی اقدامات کیے جو بھارت نے 1964ء میں مقبوضہ کشمیر کی اندرونی خودمختاری ختم کرنے کے لیے کیے تھے۔ بھٹو نے آزاد کشمیر کی ریگولر آرمی کو ختم کر دیا، جو اقوام متحدہ کی قراردادوں کی کھلی خلاف ورزی تھی۔ 1974ء ایکٹ میں آزاد ریاست کے تمام اختیارات پاکستان کی وزارت امور کشمیر کو منتقل کر کے آزاد کشمیر حکومت کو بے اختیار کر دیا گیا۔ اسی کے ساتھ انہوں نے پیپلز پارٹی کو آزاد کشمیر میں متعارف کرایا اور یوں ریاستی سیاست اور تحریک آزادی کا بنیادی ڈھانچہ کمزور کر دیا۔ سردار عبدالقیوم خان نے اس کی مخالفت کی تو جیل گئے۔ سردار محمد ابراہیم خان بھٹو کے ساتھ مل گئے جبکہ کے ایچ خورشید نے کچھ عرصے بعد اپنی غلطی تسلیم کی قوم سے معافی مانگ کر اصل موقف پر واپس آ گئے۔ جب سے پاکستان کی سیاسی جماعتوں نے آزاد کشمیر میں اپنی فرنچائزیں قائم کی ہیں، آزاد کشمیر کی داخلی خودمختاری ختم ہو چکی ہے، مقامی سیاست ذاتی مفادات کے گرد گھوم رہی ہے اور سیاسی وفاداریاں خرید و فروخت کا سامان بن گئی ہیں۔

آج صورت حال یہ ہے کہ مہاجرین کے نمائندے، جو کبھی مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کے حق میں ایک لفظ نہیں بولے، کرپشن کی دلدل میں دھنسے ہوئے ہیں۔ عوامی ایکشن کمیٹی نے ان نشستوں کو ختم کرنے کا مطالبہ کیا تو سردار عتیق احمد خان، ان کے صاحبزادے، داماد، وزیر اعظم چوہدری انوار الحق اور راجہ فاروق حیدر خان دفاعی پوزیشن پر جا کھڑے ہوئے اور اتنے بلند آہنگ ہوئے کہ 5 اگست کو مودی کی طرف سے کشمیر کو بھارت میں ضم کیے جانے پر بھی اس طرح کی آواز نہ سنائی دی تھی۔ آزاد کشمیر اسمبلی کا دائرہ کار 13,300 مربع کلومیٹر رقبے اور تقریباً 47 لاکھ آبادی پر محیط ہے۔ اسمبلی میں 45 نشستیں ہیں، حکومت بنانے کے لیے 27 یا 28 نشستوں کی ضرورت پڑتی ہے۔ ان میں مہاجرین کی 12 نشستیں فیصلہ کن کردار ادا کرتی ہیں۔ ان 12 میں سے 9 نشستیں پنجاب، ایک خیبر پختونخوا اور 2 سندھ سے حاصل ہوتی ہیں۔ جس صوبے میں جو جماعت برسر اقتدار ہو، یہ نشستیں بھی اسی کے حصے میں چلی جاتی ہیں۔ یوں آزاد کشمیر کی سیاسی سمت لاڑکانہ، جاتی امرا یا بنی گالہ سے متعین ہوتی ہے، نہ کہ سری نگر یا جموں سے۔

عوامی ایکشن کمیٹی کا مطالبہ ہے کہ ان 12 نشستوں کو ختم کیا جائے۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ صرف نشستوں کا خاتمہ مسئلے کا حل نہیں۔ اصل ضرورت ایک نئے چارٹر آف ڈیمانڈ کی ہے: جس میں پاکستانی سیاسی فرنچائزڈ کا خاتمہ، آزاد جموں و کشمیر، گلگت بلتستان اور حریت کانفرنس پر مشتمل ایک بااختیار نمائندہ حکومت کا قیام ڈوگرہ کشمیر اور قائداعظم محمد علی جناح کے درمیان 12 اگست 1947ء کے معاہدے کی بحالی۔ یہی راستہ بھارت کے قبضے سے جموں و کشمیر کو آزاد کرانے کی بنیاد رکھ سکتا ہے۔ صرف مہاجرین کی نشستیں ختم کرنے سے نہ کرپشن ختم ہوگی اور نہ آزاد کشمیر کے عوام بااختیار ہوں گے۔ البتہ اس سے جموں و کشمیر کی اکائیوں میں مزید دوریاں پیدا ہوں گی اور تحریک آزادی مزید کمزور ہوگی۔ لہٰذا عوامی ایکشن کمیٹی اپنے نکات پر از سر نو غور کرے تو اس میں بہتری ہے۔

سر کوہ آدم میری نظر میں

پروفیسر محمد ایاز کیانی

یہ غالباً 2016ء کے آزاد کشمیر اسمبلی کے انتخابات تھے۔ جن میں ڈیوٹی توپہ کے نواحی گاؤں سون میرہ اسٹیشن پر بحیثیت پریزائیڈنگ آفیسر لگی۔ دوستوں نے کافی ڈرایا کہ یہ بہت حساس پولنگ اسٹیشن ہے اور پچھلے الیکشن میں یہاں ایک بندہ کام آ چکا ہے۔ اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے ہمیشہ ہمت، حوصلہ اور اعتماد دیا کہ میں ایسے موقعوں پر گھبرانے کی بجائے صورتحال کو انجوائے کرتا ہوں۔ یکطرفہ سچویشنز میری طبیعت کو کبھی نہ بھائے۔ اللہ نے اس کا اہتمام بھی یوں کیا کہ 2001ء کے انتخابات سے لے کر 2021 کے آخری انتخابات تک ہمیشہ انتہائی مقابلے والے اسٹیشن میرے حصے میں آئے۔ پہلے انتخابات میں تتاپانی کے دشوار گزار اسٹیشن پر مقابلہ ملک نواز اور ملک یوسف کے درمیان تھا جس میں 10 سے پندرہ ووٹوں کے فرق سے ملک نواز جیت گئے۔ دوسری دفعہ زلزلے کے فوری بعد کا زمانہ اور مدمقابل دونوں شخصیات قد آور۔ اسٹیشن تھا تحصیل دھیرکوٹ کا ناڑا کوٹ، میزبان لیکچرار کیڈٹ کالج پلندری ذبیر عباسی مقابلہ یہاں بھی 19/20 کا تھا۔ اس کے بعد ہونے والے انتخابات میں بیٹی کی بیماری کی وجہ سے رخصت لینا پڑی۔ مگر ضمنی انتخابات میں اس دفعہ مرکز تھا تائیں کے ریٹائرڈ آفیسر کا۔ دراصل ایک دوست کی ڈیوٹی یہاں لگی تھی مگر انہوں نے ریکویسٹ کی کہ میری کوئی مجبوری ہے پلیز آپ چلے جائیں ایسے مواقعوں پر مجبوریوں کا آڑے آنا فطری امر ہے۔ تب بھی خالد ابراہیم مرحوم اور سیاب خالد مرحوم کے درمیان کانٹے کا مقابلہ تھا۔ اس کے بعد ہونے والے انتخابات میں میری ڈیوٹی سون میرہ کے اسٹیشن پر تھی۔ الحمدللہ پرامن ماحول میں الیکشن کا انعقاد ہوا اور کوئی ناخوشگوار واقعہ وقوع پذیر نہ ہوا۔ سفیان اکبر سے ان انتخابات کے دوران گپ شپ ہوئی جو آج تک قائم و دائم ہے۔ اسی طرح نعیم خان صاحب سے بھی سرسری ملاقات ہوئی مگر زیادہ شناسائی نہ ہو سکی۔ انتخابات میں سردار صغیر چغتائی مرحوم نے میدان مارا۔ بعد اس الیکشن کا جلوس میرے آبائی علاقے پاک گلی سے گزرا تو سفیان اکبر اور ان کے دیگر دوستوں سے مختصر ملاقات ہوئی غالباً نعیم خان صاحب بھی ان میں موجود تھے۔

ایک سال قبل 14۔ اپریل کو پہاڑی زبان کے عالمی دن کے موقع پر نعیم خان کی پہاڑی نظم سننے کا موقع ملا۔ مجھے نظم بہت پسند آئی۔ میں نے کافی کوشش کی کہ ان کے اشعار مل جائیں جنہیں میں اپنی رپورٹ کا حصہ بنا لوں مگر نعیم خان صاحب نے میرے کسی میسج کا جواب نہ دیا۔ اس کا جواب ان کے شعری مجموعہ "مہاڑے لوگ" کے جشن کے موقع پر مل گیا کہ شاید پری میچور رونمائی سے گریزاں تھے۔ غالباً اکتوبر/ نومبر 2024 میں موصوف ہمارے کالج تشریف لائے۔ گاڑی پارکنگ ایریا میں کھڑی کرنے کے بعد سیدھے لائبریری میں ہمارے مہتاب صاحب کے پاس پہنچے اور شتابی سے لوٹ آئے۔ میری ملاقات کالج ہال کے باہر ہوئی۔ ہلکی معنی خیز مسکراہٹ لبوں پہ سجائے ہوئے پروفیسر عتیق کے ہمراہ تھے۔ ایسے میں کسی اور گو بات چیت کا کیا موقع ملنا تھا۔ انہوں نے ہی چند باتیں کیں اور نعیم صاحب اپنی دونوں کتابیں مجھے تھما کر یہ جا وہ جا چونکہ وہ سکولوں کی دیکھ بھال کے علاوہ آج کل اپنی یونین کونسل سے ڈسٹرکٹ کونسلر بھی ہیں۔

روٹین کی مصروفیات اور دیگر امور کی وجہ سے "سر کوہ آدم" کے مطالعے میں تاخیر ہوئی۔ سفرنامہ میری پسندیدہ اصناف میں سے ہے۔ چند دن قبل میں نے اپنی میز پر کتابوں کے ڈھیر تلے دبی اس کتاب کو نکال کر پڑھنا شروع کیا تو دو تین دنوں میں ہی پڑھ ڈالا۔ سچی بات یہ ہے کہ نعیم خان مجھے ایک اچھے لکھاری لگے۔ ایک اچھے سفرنامہ نویس کی طرح ان کی نگاہ تیز اور طبیعت میں تجسس کا عنصر واضح ہے۔ ان کی طبیعت میں ظرافت اور شوخی بھی پائی جاتی ہے۔ اس لیے ان کی تحریر قاری کو بور نہیں ہونے دیتی۔ تعلقات بنانے میں انہیں کمال مہارت حاصل ہے یہی وجہ ہے کہ کہیں بھی تنہائی کا شکار نہیں ہوتے گھر سے سفر شروع ہوتا ہے اور راولاکوٹ سے لاہور کی جانب عازم سفر ہوتے ہیں۔ جب گاڑی سے اترتے ہیں تو دائیں بائیں والے دوست بن چکے ہوتے ہیں۔ بادامی باغ سے لاہور ایئرپورٹ کی طرف عازم سفر ہوتے ہیں۔ وطن عزیز میں یہ صورتحال کسی المیہ سے کم نہیں ہے کہ کہیں بھی کوئی اصول، ضابطہ یا اخلاقی معیار نظر نہیں آئے گا۔ ہر ایک کے اپنے ذاتی اصول اور ضابطے ہیں۔ دوسروں کو چونا لگانا ہمارا قومی ٹریڈ مارک بن چکا ہے یہ صورتحال بس کے اڈوں پر ریلوے اسٹیشنوں پر عام ہے۔ دکانداروں اور ہوٹلوں پر بھی یہی روش ہے یہاں تک کہ بین الاقوامی ہوائی اڈوں تک بھی اس سے محفوظ نہیں ہیں۔ اہل وطن تو ان چالاکیوں کے عادی ہو چکے ہیں مگر غیر ملکی جب وزٹ یا کاروبار کے سلسلے میں ہمارے ہاں آتے ہیں تو پھر وہ پہلی اور آخری بار یہ دھوکہ کھاتے ہیں۔

جزیرہ نما سری لنکا سیاحتی اعتبار سے خوبصورت دیش ہے۔ مصنف کے ذریعے ہم تک اس کی جو تصویر پہنچی ہے وہ کافی خوشنما اور دلکش ہے۔ لوگوں کی عادات، رہن سہن، ثقافت، تہوار اور کہیں کہیں ضعیف الاعتقادی کے مظاہر ہمارے ملک سے ملتے جلتے ہیں۔ یہ ملک برطانوی نوآبادیاتی نظام سے 4 فروری 1948ء کو آزاد ہوا۔ بدھ مت یہاں کا سب سے بڑا مذہب ہے۔ اس کے علاوہ ہندو، مسلمان اور عیسائی بھی کافی تعداد میں موجود ہیں۔ کلیسا، مندر گرجے اور مساجد بھی موجود ہیں۔ سری لنکا چائے کی پیداوار کے لحاظ سے دنیا کا سب سے بڑا ملک ہے۔ جا بجا چائے کے باغات ہیں اور ان کی برآمدات سب سے نمایاں حصہ چائے کا ہی ہے۔ ہربل ادویات کے باغات بھی بڑی تعداد میں موجود ہیں جس کی وجہ سے ان کی ادویات بھی سری لنکا میں جا بجا موجود ہیں۔ سری لنکا جس کا پرانا نام سیلون ہے کی آمدن کا بڑا ذریعہ سیاحت بھی ہے۔ ملک میں بارشیں کثرت سے ہوتی ہیں۔ زیادہ تر علاقہ پہاڑی ہے۔ لوگ مہمان نواز خوش اخلاق اور پاکستان سے محبت کرتے ہیں۔ مصنف کے مطابق کئی مذاہب ہونے کے باوجود باہمی آویزش نہ ہونے کے برابر ہے لوگ ایک دوسرے کے مذہبی آزادی کا بے پناہ خیال رکھتے ہیں۔ یہاں کے لوگ بھی ہماری طرح کرکٹ کے بخار میں بھی کافی حد تک مبتلا ہیں۔ سری لنکا میں شرح خواندگی کافی زیادہ ہے۔ پاکستان کے خیر خواہ اور ہماری عسکری صلاحیتوں کے معترف ہیں۔ کافی عرصہ خانہ جنگی اور تامل دہشت گردوں کی وجہ سے ملک کی معیشت کافی عرصے تک بھنور میں پھنسی رہی بلکہ ملک ڈیفالٹ کے قریب پہنچ گیا تھا۔ اب حالات کافی حد تک نارمل ہیں۔ نعیم خان ہر جگہ حالات کا تقابل بھی کرتے نظر آتے ہیں۔ انہیں بہت سارے معاملات میں سری لنکن کافی بہتر محسوس ہوئے۔ نعیم خان کے مطابق انہیں سری لنکا کے صوبے کینڈی میں واقع پہاڑ کوہ آدم کی شہرت اور عظمتیں کھینچ ہوئی سری لنکا یاترا پر لے گئیں اور وہ کئی کلومیٹر چڑھائی کا سفر کرتے ہوئے بالآخر اس پہاڑی پر پہنچ گئے۔ جس کے بارے میں عمومی طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام جنت سے نکالے جانے کے بعد سب سے پہلے یہاں اترے۔ ان واقعات میں کتنی صداقت ہے اس بارے میں حتمی طور پر کچھ کہنا کار دشوار ہے لیکن نہ صرف مسلمان بلکہ بدھ مت، ہندو اور عیسائی قریب قریب سارے مذاہب کے ماننے والے اس پہاڑ کو مقدس مانتے ہیں اور نہ صرف سری لنکا کے کونے کونے سے بلکہ بیرون ممالک سے بھی اس کی زیارت کے لیے لوگ کشاں کشاں چلے آتے ہیں۔ ہمارے ملک کی طرح چائنہ سری لنکا میں بھی بہت سے شعبوں میں کافی انویسٹمنٹ کر رہا ہے۔ محمد نعیم خان کی پہلی نثری کاوش کو ایک کامیاب کاوش قرار دیا جا سکتا ہے۔ انداز بیانیہ ہے۔ کہیں کہیں انٹرویو ٹائپ گفتگو ضرور کھٹکتی ہے۔ مگر 262 صفحات پر مشتمل یہ تصنیف کافی معلوماتی اور دیدہ زیب ہے۔ ٹائٹل خوب صورت ہے۔ طباعت اچھی ہے۔ قیوم ساقی صاحب بھی مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے نعیم صاحب کو لکھنے پر راغب کیا اور پروف ریڈنگ کا کٹھن کام بھی سنبھالا۔ میں نعیم خان کے قلمی سفر کے لیے دعا گو ہوں۔ وہ اس لحاظ سے بھی خراج تحسین کے مستحق ہیں کہ قلم و قرطاس کی دم توڑتی روایت کے سامنے ایک بند باندھنے کی ایک کامیاب کوشش بھی کی ہے ورنہ بقول ممتاز صادق صاحب جب سے نسوار اور مونگ پھلی موبی لفافوں میں بکنے لگی ہے کتابوں کی مانگ بھی کم ہو گئی ہے۔

مگر کتابیں لوگ پڑھیں نہ پڑھیں تقریریں اور تبصرے بہرحال جاری رہیں گے۔

☆☆☆

تمام مضامین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، کالم نگاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں
(ادارہ)......

غازی ملت کی برسی، محکمہ شہری دفاع راولاکوٹ کا بھی نمایاں کردار

محکمہ نے خدمات پیش کر کے تقریب کو نہ صرف مؤثر بنایا بلکہ شرکاء کی حفاظت، نظم و ضبط، میں کلیدی کردار ادا کیا

رش پر کنٹرول، ٹریفک کی روانی، اور موقع پر ایمرجنسی ردعمل کی ممکنہ تیاری میں ہنگامی کردار، عوامی حلقوں کی بھرپور تحسین

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) آزاد کشمیر کے بانی اور تحریک آزادی کشمیر کے معمار، غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان مرحوم کی 22 ویں برسی نہایت عقیدت و احترام سے آج کوٹ متے خان کے مقام پر منائی گئی۔ برسی کی تقریب میں سیاسی، سماجی، عسکری و سول اداروں کے نمائندگان، شہریوں، طلبہ اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ اس موقع پر سب سے نمایاں کردار محکمہ سول ڈیفنس راولاکوٹ کا رہا، جس نے نہ صرف تقریب میں بھرپور شرکت کی بلکہ مزار پر حاضری دے کر مرحوم کی مغفرت کے لیے خصوصی دعا میں بھی شرکت کی۔ دعائیہ تقریب کے دوران محکمہ نے اپنی (بقیہ 01 صفحہ 03)

لکی مروت، مکان کی چھت گر گئی، 3 افراد جاں بحق

ریسکیو ٹیموں اور مقامی افراد نے ملبے سے نکال کر لاشیں اسپتال منتقل

لکی مروت (صباح نیوز) لکی مروت کے علاقے سرائے نورنگ میں بارش کے باعث کچے مکان کی چھت گر گئی۔ ملبے تلے دب کر 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو ترجمان کے مطابق افسوسناک واقعہ گرانٹ سرائے نورنگ کے قریب پیش آیا۔ گزشتہ رات سے جاری بارش کی وجہ سے خستہ حال کچے مکان کی چھت گر گئی، چھت گرنے سے 3 افراد ملبے تلے دب گئے جنہیں ریسکیو ٹیموں (بقیہ 02 صفحہ 03)

چناری، پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف سخت آپریشن

525 گرام چرس برآمد، منشیات فروش رنگے ہاتھوں گرفتار، تفتیش جاری

چناری (خصوصی رپورٹر) جہلم ویلی پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن، ایس ایچ او تھانہ چکار راجہ محمد پرویز خان نے معہ نفری 525 گرام چرس برآمد کرتے ہوئے منشیات فروش کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا، مقدمہ درج، تفتیش شروع، مزید سنسنی خیز انکشافات کی توقع۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی جہلم ویلی سید عباس علی شاہ کی منشیات فری جہلم ویلی کے سلسلہ میں جاری مہم کے (بقیہ 04 صفحہ 03)

گوادر کیلئے مزید دو پروازیں بحال

گوادر (صباح نیوز) گوادر کیلئے مزید دو پروازیں بحال ہو گئیں۔ گوادر کے لئے پروازیں وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری کی کاوشوں سے بحال ہوئی ہیں۔ پی آئی اے کی کراچی سے گوادر کے لئے نئی پروازیں اگست کے پہلے (بقیہ 03 صفحہ 03)

اسرائیلی فوجی دستے اور گاڑیوں پر مارٹر حملے

خان یونس (صباح نیوز) (القرار) القسام بریگیڈز نے ایک تازہ بیان میں بتایا ہے کہ انہوں نے خان یونس کے مشرقی علاقے القرار میں قابض افواج کے فوجی اجتماع اور ان کی فوجی گاڑیوں کو مارٹر گولوں سے مؤثر طور پر نشانہ بنایا ہے۔ بیان کے مطابق یہ کارروائی دشمن کے زمین پر موجود (بقیہ 05 صفحہ 03)

چناری، خاتون سے پیسے، موبائل لیکر فرار ہونے والا ملزم گرفتار

عاطف اسرائیل ساکن ریالی، گڑھتامہ نے چناری بازار میں ایک خاتون سے بیس ہزار روپے چھین لیے تھے

دوسرے واقعہ میں چور نے ایک شخص سے کال کرنے کے بہانے موبائل فون لیا اور فرار ہو گیا، پولیس تحقیق جاری

چناری (خصوصی رپورٹر) چناری میں اے ٹی ایم سے پیسے نکالنے والی خاتون سے بیس ہزار چھیننے اور کال کرنے کے بہانے ایک موبائل لیکر فرار ہونے والے چور کو تھانہ پولیس چناری نے گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق عاطف اسرائیل ولد محمد اسرائیل ساکن ریالی، گڑھتامہ نے چناری بازار میں ایک خاتون سے بیس ہزار روپے چھین لیے جب وہ بینک کے اے ٹی ایم سے پیسے نکال رہی تھی، دوسرے واقعہ میں چور نے ایک شخص سے کال کرنے کے بہانے موبائل فون لیا اور فرار ہو گیا۔ تھانہ پولیس چناری نے مال مسروقہ برآمد کر لیا البتہ دونوں متاثرین نے چور کے خلاف مقدمہ درج کروانے سے انکار کر دیا۔ عوامی حلقوں (بقیہ 06 صفحہ 03)

پلندری میں عظیم الشان ''اعوان اتحاد کانفرنس'' کا انعقاد

سابق ایم ایل اے سحرش قمر سمیت نامور شخصیات کی بھرپور شرکت

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) مرکزی صدر تنظیم الاعوان پاکستان، ایم این اے ملک شاکر بشیر اعوان کی پلندری آزاد کشمیر میں تنظیم الاعوان یوتھ ونگ پلندری کے زیر انتظام اعوان اتحاد کانفرنس میں شرکت۔ جس کی صدارت صدر تنظیم الاعوان آزاد کشمیر قاضی صابر اعوان اور صدر تنظیم الاعوان یوتھ ونگ پلندری ملک مسعود رزاق اعوان نے کی۔ جس میں سابق ایم ایل اے محترمہ سحرش قمر اعوان، حاجی شکیل اعوان (بقیہ 08 صفحہ 03)

ریموٹ سینسنگ سیٹلائٹ کی لانچنگ

احسن اقبال کی قوم کو مبارکباد

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے ریموٹ سینسنگ سیٹلائٹ کی کامیاب لانچنگ پر قوم کو مبارکباد دی ہے۔ احسن اقبال نے سپارکو کی پوری ٹیم، انجینئرز، (بقیہ 07 صفحہ 03)

پانیولہ، سید مسعود گردیزی کی پھوپھی کے انتقال پر تعزیت

سردار ذوالفقار خان سمیت صحافی حضرات کی مرحومہ کیلئے دعائے مغفرت

پانیولہ (نامہ نگار) پریس فاؤنڈیشن آزاد جموں و کشمیر کے وائس چیئرمین سردار ذوالفقار نے سی یو جے ضلع پونچھ کے صدر سید مسعود گردیزی کی پھوپھی کی وفات پر ان کی رہائشگاہ پر آکر تعزیت کا اظہار کیا اس موقع پر ممبران گورننگ باڈی پریس فاؤنڈیشن ضلع سدھنوتی و پونچھ سردار اعجاز خلیق چوہدری، زاہد بشیر مظفرآباد کے معروف صحافی ڈاکٹر راجہ زاہد خان، سیکرٹری صحافی راجہ اکمل جاوید جموں (بقیہ 09 صفحہ 03)

دریائے سندھ اور دریائے چناب

میں درمیانے درجے کا سیلاب

لاہور (صباح نیوز) دریائے سندھ اور دریائے چناب میں ہیڈ خانکی پر درمیانے درجے کا سیلاب ہے۔ دریائے چناب میں ہیڈ خانکی پر درمیانے درجے کا سیلاب جبکہ ہیڈ مرالہ پر (بقیہ 10 صفحہ 03)

آزاد کشمیر کے دارلحکومت میں تجاوزات کا سلسلہ جاری

حکام سے فوری طور پر نوٹس لینے، سخت ترین کارروائی عمل میں لانے کا مطالبہ

مظفرآباد (دھرتی نیوز) دارلحکومت مظفرآباد میں سپریم کورٹ کے احکام کی کھلم کھلا خلاف ورزی، غیر قانونی تعمیرات کا سلسلہ جاری، انتظامیہ خاموش تماشائی بن گئی۔ سپریم کورٹ نے واضح حکم دیا ہوا ہے کہ خالصہ سرکار زمین پر کسی بھی قسم کی تعمیرات نہیں ہو سکتیں لیکن مافیا ملی بھگت کے ذریعے طارق آباد، گوجرہ اور شوکت لائن میں خالصہ اراضی پر دھڑلے سے تعمیرات کی جا رہی ہیں، جہاں نقشہ اور (بقیہ 12 صفحہ 03)

سابق وفاقی وزیر سید تنویر الحسن

گیلانی انتقال کر گئے

اسلام آباد، ملتان (صباح نیوز) سابق وفاقی وزیر سید تنویر الحسن گیلانی اسلام آباد میں انتقال کر گئے۔ مخدوم سید تنویر الحسن اسلام آباد کے اسپتال میں زیر علاج تھے، تنویر الحسن گیلانی صدر انجمن اسلامیہ اور چیئرمین سینٹ یوسف (بقیہ 11 صفحہ 03)

باغ: سردار میر اکبر خان کا عدالتی فیصلہ کے بعد پہلی بار باغ آمد پر ہزاروں کارکنان استقبال کر رہے ہیں

چناری، امور حیوانات کے ہسپتال سے ویٹرنری آفیسر کی آسامی ختم

ویٹرنری آفیسر تعینات نہ کیا گیا تو سخت احتجاج پر مجبور ہونگے، عوام

چناری (خصوصی رپورٹر) چناری میں محکمہ امور حیوانات کے ہسپتال سے ویٹرنری آفیسر کی واحد آسامی ختم کر دی گئی، عوام سراپا احتجاج۔ تفصیلات کے مطابق آٹھ یونین کونسلز کے لیے خدمات سرانجام دینے والے ویٹرنری آفیسر کو ترقی دینے کے بعد ان کی جگہ کسی نئے ڈاکٹر کی تعیناتی کے بجائے (بقیہ 13 صفحہ 03)

چناری، رہائشی مکان آتشزدگی کے باعث جل کر خاکستر

لاکھوں روپے مالیت کا نقصان، آگ پر قابو پانے کی تمام کوششیں ناکام

چناری (خصوصی رپورٹر) جہلم ویلی کے علاقہ کلانہ کلاں میں رہائشی مکان معہ سامان جل کر خاکستر ہو گیا، لاکھوں روپے مالیت کا نقصان۔ تفصیلات کے مطابق جمعرات کے روز کلانہ کلاں کے رہائشی خالد قریشی کے رہائشی مکان میں اچانک آگ لگ گئی، جس نے دیکھتے ہی دیکھتے پورے گھر کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ آتشزدگی کے واقعہ میں رہائشی گھر معہ لاکھوں روپے مالیت کے سامان سمیت (بقیہ 15 صفحہ 03)

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے

بھارت کی معیشت کو مردہ قرار دے دیا

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھارت اور روس کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے دونوں ملکوں کی معیشتوں کو مردہ قرار دے دیا، امریکی صدر نے اپنے ٹروتھ سوشل (بقیہ 14 صفحہ 03)

امریکی ریاست کیلیفورنیا میں

ایف 35- لڑاکا طیارہ گر کر تباہ

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی ریاست کیلیفورنیا میں ایف 35- لڑاکا طیارہ نیول ایئر اسٹیشن لیمور کے قریب گر کر تباہ ہو گیا، خوش قسمتی سے پائلٹ محفوظ رہا۔ امریکی بحریہ کے مطابق (بقیہ 16 صفحہ 03)

اندھی طاقت سے عوام کو دبایا نہیں جاسکتا، لیاقت بلوچ

وفاقی حکومت بلوچستان حق دو لانگ مارچ کے مطالبات کو سنجیدہ لے

لاہور (صباح نیوز) نائب امیر جماعت اسلامی، صدر مجلس قائمہ سیاسی قومی امور لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان حق دو لانگ مارچ کے مطالبات آئینی، جمہوری اور عوامی ہیں، وفاقی حکومت انہیں پورا کرے، اندھی طاقت سے عوام کو وقتی طور پر دبایا نہیں جا سکتا، عوام بلوچستان میں امن چاہتے ہیں، لاپتہ افراد کی بازیابی، عسکری مداخلت کا خاتمہ چاہتے ہیں۔ لیاقت بلوچ نے بلوچستان حق دو (بقیہ 26 صفحہ 03)

ناروے، ڈنمارک میں 5 اگست کو یوم سیاہ منایا جائیگا

بھارت اور اسرائیل دنیا کے امن کے لیے شدید خطرہ ہیں، صدر تحریک

اوسلو، کوپن ہیگن (صباح نیوز) تحریک کشمیر یورپ ناروے اور ڈنمارک کے زیر اہتمام 5 اگست کو یوم سیاہ کشمیر منایا جائے گا۔ 5 اگست 2019 کو بھارت کے غیر قانونی اقدامات کشمیر کی خصوصی حیثیت 370 اور 35 اے کو ختم کرنے کے خلاف بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔ تحریک کشمیر یورپ ناروے کے صدر شاہ حسین کاظمی نے کہا کہ مختلف کشمیر پاکستانی کشمیری تنظیموں کے مشترکہ تعاون سے بھارت (بقیہ 25 صفحہ 03)

بھارت جعلی مقابلوں کا ڈھونگ رچا رہا ہے، حریت کانفرنس

حریت کانفرنس کو ''دہشت گرد تنظیم'' قرار دینے کا بیان بوکھلاہٹ کا ثبوت ہے

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے ''حریت پلیٹ فارم'' کے خلاف بھارتی وزیر داخلہ امیت شاہ کے اشتعال انگیز بیانات کی مذمت کرتے ہوئے اسے مقبوضہ علاقے میں بھارتی ناکامیوں سے توجہ ہٹانے کی ایک بھونڈی کوشش قرار دیا ہے۔ کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید (بقیہ 23 صفحہ 03)

ہونہار طالبہ نسرین نے قانون کی

ڈگری حاصل کر لی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) بھرنکہ سے تعلق رکھنے والے قاضی شاہ حسین کی ہونہار بیٹی نسرین نے پنجاب کالج سے نمایاں نمبرات کے ساتھ قانون کی ڈگری حاصل کر لی (بقیہ 24 صفحہ 03)

حویلی: ڈپٹی کمشنر راجہ عمران شاہین کی زیر صدارت اجلاس

چناری، ذیشان حیدر کا یونین کونسل وادی کھلانا کا دورہ

کارکنان سے ملاقاتیں، مختلف اموات پر تعزیت، تقاریب میں شرکت

چناری (خصوصی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف آزاد کشمیر کے مرکزی نائب صدر سید ذیشان حیدر کا یونین کونسل وادی کھلانا کا ایک روزہ تفصیلی دورہ، دورے کے دوران کارکنان سے براہ راست ملاقاتیں، مختلف دیہات میں وفات پانے والے افراد کے لواحقین سے اظہار تعزیت، پی ٹی آئی حلقہ چھ کے نائب صدر چوہدری ظہیر اقبال کے علیل والد کی عیادت، جلد صحت یابی کے لیے (بقیہ 22 صفحہ 03)

چناری، فوڈ اتھارٹی کا آپریشن، 2 دکانیں سیل، جرمانے

مضر صحت اور غیر معیاری اشیاء کی فروخت پر سخت کارروائی کا بھی عندیہ

چناری (خصوصی رپورٹر) آزاد جموں و کشمیر فوڈ اتھارٹی جہلم ویلی کی کارروائی، فریش میٹ، فروزن فوڈ، غیر رجسٹرڈ اور بغیر لیبارٹری رپورٹ کے کاروبار کرنے والی ہٹیاں بالا اور چناری میں دو، دو دکانیں سیل، متعدد دکانداروں کو وارننگ، عوامی حلقوں کا فوڈ اتھارٹی کی کارروائی پر اظہار اطمینان، کارروائیاں جاری رکھنے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق فروزن فوڈ مصنوعات فروخت کرنے والی ہٹیاں (بقیہ 21 صفحہ 03)

مقبوضہ کشمیر کی ریاستی حیثیت کی بحالی کیلئے آواز اٹھانے کی اپیل

جموں و کشمیر کو مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں میں تقسیم کرنے پر تشویش کا اظہار

نئی دہلی (کے پی آئی) 120 سے زائد معروف بھارتی سیاست دانوں، سابق وزراء، بیوروکریٹس، سفارت کاروں، صحافیوں، ماہرین تعلیم اور سول سوسائٹی کے ارکان نے ایک مشترکہ خط کے ذریعے اراکین پارلیمنٹ پر زور دیا ہے کہ وہ مقبوضہ جموں و کشمیر کی ریاستی حیثیت کی فوری اور مکمل بحالی (بقیہ 20 صفحہ 03)

پہلگام حملہ سیکورٹی کی ناکامی کے سبب پیش آیا، عمر عبداللہ

نئی دہلی نے جو وعدے کیے تھے وہ تاحال پورے نہیں ہوئے ہیں، تنقید

احمد آباد، انڈیا (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ پہلگام حملہ سیکورٹی کی واضح ناکامی کے سبب پیش آیا اور اس ناکامی کے ذمہ داروں کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی گئی جو افسوسناک ہے۔ عمر عبداللہ نے جو بھارتی ریاست گجرات کے دو روزہ دورے (بقیہ 19 صفحہ 03)

قائداعظم محمد علی جناح کو زیارت میں قید رکھا گیا، جاوید ہاشمی

کراچی میں علاج کی سہولت تھی، زیارت میں بیمار قائداعظم کو رکھنا ظلم تھا

اسلام آباد (صباح نیوز) سینئر سیاستدان جاوید ہاشمی نے کہا ہے کہ قائداعظم محمد علی جناح کو زیارت میں قید رکھا گیا، وہ روزانہ آکسیجن کے لیے ترستے رہے، سیاست اور طاقت نے انہیں تنہا کر دیا تھا۔ اپوزیشن کی آل پارٹیز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سینئر سیاستدان جاوید (بقیہ 18 صفحہ 03)

غذر میں آسمانی بجلی گرنے سے کئی مقامات پر شدید نقصان

بارشوں سے مزید گلیشیئر پھٹنے، لینڈ سلائیڈنگ، سیلاب کا خطرہ

غذر (صباح نیوز) غذر میں آسمانی بجلی گرنے سے کئی مقامات پر لینڈ سلائیڈنگ کے باعث دو دیہات کے درجنوں گھروں میں پانی داخل ہو گیا، لینڈ سلائیڈنگ کے باعث غذر میں کئی رہائشی مکانات مکمل تباہ ہو گئے جبکہ درجن سے زائد گھروں کو جزوی نقصان پہنچا، اس کے علاوہ دکانوں (بقیہ 17 صفحہ 03)

جماعت اسلامی خدمت خلق کے جذبے سے سرشار ہے، زاہد رفیق

الخدمت ٹرسٹ نے بے مثال کام کیے فلسطین کے بے یارو مددگار اوجڑے فلسطین کی مدد کر کے حقوق العباد کو پورا کیا

الخدمت ٹرسٹ بین الاقوامی سروے کے مطابق سماجی خدمات میں پانچویں نمبر پر رہی ہے، نائب امیر جماعت اسلامی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) نائب امیر جماعت اسلامی آزاد کشمیر گلگت بلتستان سردار زاہد رفیق ایڈووکیٹ نے پکھر ریڑہ بن میں جماعت اسلامی کی تنظیم سازی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی خدمت خلق کے جذبے سے سرشار ہے اور انسانیت کی خدمت میں پیش پیش ہے خدمت ہمارا مشن ہے (زلزلہ 2005 میں الخدمت ٹرسٹ نے بے مثال کام کیے فلسطین کے بے یارو مددگار اوجڑے فلسطین کی مدد کر کے حقوق العباد کو پورا کیا انہوں نے مزید کہا کہ الخدمت ٹرسٹ بین الاقوامی سروے کے مطابق سماجی خدمات میں پانچویں نمبر پر رہی ہے یہ ہمارے لیے بڑے اعزاز کی بات ہے (بقیہ 27 صفحہ 03)

معرکہ حق تھیم کے تحت یوم آزادی منانے کا اعلان

یکم سے 14 اگست تک ایونٹس کا انعقاد کیا جائے گا، مراد علی شاہ

کراچی (صباح نیوز) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے اعلان کیا ہے کہ اس سال جشن آزادی معرکہ حق کے تھیم کے ساتھ بھرپور انداز میں منایا جائے گا، یکم سے 14 اگست تک صوبے بھر میں تقریبات اور ایونٹس کا انعقاد کیا جائے گا۔ صوبائی وزراء کے ہمراہ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان نے دشمن کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا، اس بار 14 اگست صرف ایک (بقیہ 28 صفحہ 03)

وزیراعظم کے بیٹے پر جعلی چیک کا

مقدمہ درج کرنے کا فیصلہ کالعدم قرار

لاہور (صباح نیوز) لاہور ہائیکورٹ نے وزیراعظم شہباز شریف کے بیٹے سلیمان شہباز پر جعلی چیک کا مقدمہ درج کرنے کا ٹرائل کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے سلیمان شہباز (بقیہ 29 صفحہ 03)

خاتون افسر کو ہراساں کرنے پر مونس علوی عہدہ سے فارغ

25 لاکھ روپے جرمانہ، عدم ادائیگی پر منقولہ و غیر منقولہ جائیداد ضبطی کا حکم

کراچی (صباح نیوز) صوبائی محتسب نے کے الیکٹرک کی سابق چیف مارکیٹنگ افسر مہرین زہرہ کو ہراساں کرنے پر الیکٹرک کے چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) مونس علوی پر بھاری جرمانہ عائد کرتے ہوئے عہدے سے ہٹانے کا حکم دے دیا۔ جسٹس (ر) شاہنواز طارق نے عدم ادائیگی جرمانہ پر مونس علوی کی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد کی ضبطی جبکہ شناختی کارڈ اور پاسپورٹ بلاک کرنے (بقیہ 31 صفحہ 03)

وزیراعظم کا چیئرمین سینیٹ کے

چچازاد بھائی کی وفات پر اظہار افسوس

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم محمد شہباز شریف کا چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کے چچازاد بھائی سید تنویر الحسن گیلانی کے وصال پر اظہار افسوس کیا ہے، وزیراعظم نے مرحوم (بقیہ 30 صفحہ 03)

کینیڈا کا بھی فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کا اعلان

کینیڈا ستمبر میں فلسطین کو بطور تسلیم کرنے کا ارادہ رکھتا ہے، وزیر اعظم

اوٹاوا (صباح نیوز) فرانس اور برطانیہ کے بعد کینیڈا نے بھی فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کا اعلان کر دیا۔ کینیڈا کے وزیر اعظم مارک کارنی نے کہا ہے کہ کینیڈا ستمبر میں فلسطین کو بطور تسلیم کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق کینیڈا تیسرا جی سیون (G7) ملک ہے جس نے حال ہی میں فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ مارک کارنی کا کہنا ہے کہ اس اقدام کا (بقیہ 33 صفحہ 03)

لاہور، موٹروے پر بھیک مانگنے والی

خاتون سمیت دو بھکاری گرفتار

لاہور (صباح نیوز) لاہور کے قریب بابو صابو ٹول پلازہ کے قریب موٹروے پر بھیک مانگنے والی ایک خاتون سمیت دو افراد کو گرفتار کر کے پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔ موٹروے پر گداگری کے خلاف موٹروے پولیس نے کارروائی (بقیہ 32 صفحہ 03)

غازی ملت سردار ابراہیم خان کا تاریخی کردار مشعل راہ ہے، طاہر تبسم

تاریخی شخصیت کے عظیم کردار کو نسل نو تک پہنچانے کیلئے جدوجہد ناگزیر، تعلیمات کو فروغ دینے کی ضرورت ہے

ڈوگرہ سامراج کے خلاف جہاد کے لئے کشمیری عوام کو بیدار کرنے میں ان کا کردار تاریخ کشمیر کا سنہری باب ہے

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) کشمیری دانشور اور سابق مشیر انسانی حقوق سردار محمد طاہر تبسم نے کہا ہے کہ غازی ملت کے تاریخی کردار اور عظیم خدمات کو نئی نسل تک پہنچانے کی اشد ضرورت ہے ان کے بروقت فیصلوں اور بے پناہ قربانیوں کی وجہ سے یہ خطہ آزادی سے ہمکنار ہوا اور ان کی جلائی ہوئی شمع ہی کی بدولت ہر کشمیری میں آزادی حاصل کرنے کی چنگاری موجود ہے۔ وہ بلاشبہ آزاد کشمیر کے بانی اور قائد اعظم ثانی ہیں ایسے ہیرو کی خدمات اور تعلیمات کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ بانی صدر غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان کی بائیسویں برسی کے موقع پر ایک بیان میں کہا کہ ڈوگرہ سامراج کے خلاف جہاد کے لئے کشمیر (بقیہ 34 صفحہ 03)

باغ: ڈپٹی کمشنر راجہ صداقت، چیئرمین پروفیسر آصف خان و دیگر غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان کی برسی کے موقع پر دعائیہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

5 اگست کو ''یوم استحصال کشمیر'' منایا جائیگا، حریت کانفرنس

سرینگر و دیگر علاقوں میں جیلوں میں بند حریت رہنماؤں کی تصاویر آویزاں

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ مودی حکومت کی طرف سے 5 اگست 2019 کو علاقے کی خصوصی حیثیت چھیننے کے غیر قانونی اقدام کے خلاف اپنا احتجاج ریکارڈ کرانے کیلئے پانچ اگست بروز منگل مکمل ہڑتال کریں اور اس دن کو ''یوم استحصال'' کشمیر کے طور پر منائیں۔ نریندر مودی کی سربراہی میں قائم بھارتیہ جنتا پارٹی (بی (بقیہ 36 صفحہ 03)

آپریشن کی تیاری مکمل، بنوں میں

غیر معینہ مدت تک کرفیو نافذ

بنوں (صباح نیوز) باجوڑ کے بعد خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں میں بھی غیر معینہ مدت تک کرفیو نافذ کر دیا۔ بنوں میں دہشت گردوں کے خلاف آپریشن کی تیاری مکمل کر لی گئی (بقیہ 35 صفحہ 03)

بھارتی حکمرانوں کے بیانات پر کشمیریوں کا سخت ردعمل

بھارتی حکمرانوں کی نفرت کا عکاس ہیں، ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر میں ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی (ڈی ایف پی) نے کہا ہے کہ بھارتی وزیر داخلہ امیت شاہ کے اشتعال انگیز بیانات کشمیریوں کے تئیں بھارتی حکمرانوں کی نفرت اور گہری دشمنی کا عکاس ہیں۔ ڈی ایف پی کے ترجمان ایڈووکیٹ ارشد اقبال نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ حریت کانفرنس کشمیریوں کے احساسات، جذبات اور خواہشات کی ترجمان ہے، حریت کانفرنس کا واحد قصور یہ ہے کہ وہ اقوام متحدہ کی طرف سے تسلیم شدہ حق خود ارادیت کیلئے پرامن (بقیہ 38 صفحہ 03)

بھارتی لوک سبھا میں ہنگامہ، مودی

حکومت پر شدید تنقید

نئی دہلی (کے پی آئی) بھارت کے حالیہ فوجی آپریشن سندور کی ناکامی اور اس کے نقصانات پر بھارتی لوک سبھا میں مودی حکومت کو شدید دباؤ کا سامنا ہے۔ حزب اختلاف کے ارکان نے کارروائی کے دوران بھارتی فضائیہ کو پہنچنے والے نقصانات اور اس کی تفصیلات پر شدید سوالات (بقیہ 37 صفحہ 03)

جہلم ویلی خدیجہ زرین خان فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام فری آئی کیمپ

انتہائی پسماندہ علاقہ میں سینکڑوں مریضوں کی شرکت، مفت معائنہ و ادویات سمیت دیگر آلات بھی فراہم

لوگوں کی دہلیز تک پہنچ کر انکے بنیادی صحت اور تعلیم سے متعلق مسائل حل کرنے کی کوشش کرتے رہیں گے، خدیجہ زرین

مظفرآباد، جہلم ویلی (دھرتی نیوز) خدیجہ زرین خان فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام الشفاء ٹرسٹ کے تعاون سے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول لوگراں ضلع جہلم ویلی آزاد کشمیر میں آئی کیمپ کا انعقاد کیا گیا اس موقع پر ڈاکٹرز کی ٹیم نے مریضوں کا معائنہ کیا کیمپ میں 316 سے زائد مریضوں کا چیک اپ کیا گیا جن میں سے 229 مریضوں کو مفت ادویات اور 170 مریضوں کو نظر کی عینکیں فراہم کی گئیں، چار مریضوں کو لیزر آپریشن کے لیے مظفرآباد الشفاء آئی ٹرسٹ اسپتال ریفر کیا گیا ریفر کیے جانے والے مریضوں کا مفت آپریشن کیا جائیگا اور مفت لینز لگائے جائیں گے اس موقع پر آنے والے مریضوں نے محترمہ خدیجہ (بقیہ 39 صفحہ 03)

فری آئی کیمپ

مظفرآباد: خدیجہ زرین خان فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام الشفاء ٹرسٹ کے تعاون سے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول لوگراں ضلع جہلم ویلی آزاد کشمیر میں آئی کیمپ میں مریضوں کا معائنہ کیا جا رہا ہے

For DAILY KASHMIR DHARTI NEWS UPDATE
FOLLOW US ON
روزنامہ کشمیر دھرتی
HD NEWS
Kashmir Dharti Digital
Dailydharti/facebook
Dailydharti/group
Dailydharti/twitter
Dailydharti/Instagram
Dailydharti/zoom

چیف ایڈیٹر و پبلشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com

بقیہ 1

پیشہ ورانہ ذمہ داریاں نہایت احسن اور منظم انداز میں ادا کیں، جو قابلِ تحسین اور لائق تقلید مثال ہے۔ تقریب میں منیجر چیف وارڈن تنظیم شہری دفاع، اسسٹنٹ ڈائریکٹر خالد قریشی نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ ان کی قیادت میں تنظیم شہری دفاع اور محکمہ شہری دفاع کے اہلکاروں نے اپنی خدمات پیش کر کے تقریب کو نہ صرف مؤثر انداز میں مکمل کیا بلکہ شرکاء کی حفاظت، نظم و ضبط، اور سہولیات کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کیا۔ محکمہ شہری دفاع کی جانب سے حاضری کے ساتھ ساتھ تقریب کے تمام مراحل پر گہری نظر رکھی گئی، جس میں ٹریفک کنٹرول، ٹریفک کی روانی، اور موقع پر ایمرجنسی ردعمل کی مکمل تیاری شامل تھی۔ یہ تمام اقدامات انتہائی پیشہ ورانہ انداز میں انجام دیے گئے، جنہیں شرکاء نے بھی سراہا۔ شرکاء نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ سول ڈیفنس راولاکوٹ اور تنظیم شہری دفاع نے جس ذمہ داری، نظم و ضبط اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کیا، وہ دیگر اداروں کے لیے ایک مثالی عمل ہے۔ ایسے مواقع پر ان اداروں کی موجودگی نہ صرف سکیورٹی اور تحفظ کو یقینی بناتی ہے بلکہ قومی و ملی تقریبات کی وقعت کو بھی بڑھاتی ہے۔ یاد رہے کہ غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان کی برسی ہر سال کوٹ متے خان میں منائی جاتی ہے

بقیہ 2

اور مقامی افراد نے ملبے سے نکال کر اسپتال منتقل کر دیا جہاں ڈاکٹروں نے ان کے جاں بحق ہونے کی تصدیق کر دی۔ جاں بحق ہونے والوں میں 15 سال کا شوکت اللہ، ان کی والدہ اور دادی شامل ہیں۔

بقیہ 3

پتے سے شروع ہوں گی۔ وفاقی وزیر نجکاری امور محمد جنید انوار چوہدری کا کہنا ہے کہ تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے فضائی رابطے میں توسیع ناگزیر ہے، صرف ایک پرواز چل رہی تھی، پروازوں کا اضافہ اہم پیش رفت ہے، پروازوں کی بحالی وزیراعظم کے کاروبار دوست وژن کا عملی اظہار ہے۔ جنید انوار کا کہنا ہے کہ گوادر فری زون کی ترقی میں بہتر فضائی رسائی بنیادی حیثیت رکھتی ہے، فضائی سہولیات سے سرمایہ کاری اور تجارت کے مواقع بڑھیں گے، تاجر برادری، پورٹ عملے اور لاجسٹکس سیکٹر کو سہولت دینا حکومت کی ترجیح ہے

بقیہ 4

دوران محمد پرویز خان ایس ایچ او پکار، محمد نعیم اے ایس آئی، عبدالعزیز آئی ایچ سی، اور ڈی ایف سی عبداللطیف نے معہ دیگر نفری موہڑ، پکار کے مقام پر کارروائی کرتے ہوئے خالد ولد فیروز دین ساکن موہڑ پکار سے 525 گرام چرس برآمد کرتے ہوئے ملزم کے خلاف 9C سی این ایس اے کے تحت مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ منشیات فروشوں کی نشاندہی پر مزید کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی۔ توقعات ایس پی جہلم ویلی سید عباس علی شاہ نے کہا کہ عوام جہلم ویلی کو منشیات فری ضلع بنانے میں پولیس کا ساتھ دیں تاکہ ہم سب مل کر آنے والی نسلوں کو منشیات جیسی لعنت سے محفوظ بنا سکیں

بقیہ 5

دوستوں کو بھاری نقصان پہنچانے کے لیے کی گئی، جو کہ مزاحمت کی جاری حکمت عملی کا حصہ ہے۔ یہ حملہ ان مسلسل کارروائیوں کی کڑی ہے جو غزہ میں صیہونی جارحیت کے جواب میں کی جا رہی ہیں۔

بقیہ 6

نے مطالبہ کیا ہے کہ آئندہ ایسے واقعات میں اگر مستغیث مقدمہ درج نہیں کروانا چاہتے تو پولیس اپنی مدعیت میں مقدمہ کا اندراج کرے۔ ایسے چوروں کو چھوڑ دینا چوری کی مزید وارداتوں کا سبب بن سکتا ہے۔ یاد رہے کہ چناری اور گردونواح میں گزشتہ ایک ماہ کے عرصہ میں چوری کی متعدد وارداتیں ہو چکی ہیں

بقیہ 7

سائنسدانوں کو بھی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے چین کے تعاون پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ چین کے بھرپور تعاون پر شکر گزار ہیں۔ سٹلائٹ کامیابی سے اپنے مدار میں پہنچ گیا۔ وزیر منصوبہ بندی نے اعادہ کیا کہ پاکستان کو اسپیس ٹیکنالوجی میں دوبارہ قائدانہ کردار دلائیں گے، آئندہ سال چین کی مدد سے آسٹروناٹ خلا میں بھیجا جائے گا، 2034 تک چاند پر پہنچنے کے پروگرام کو بھی کامیابی سے مکمل کریں گے۔

بقیہ 8

، ملک عمران کبیر اعوان، [illegible] ایم اعوان، ملک صہیب اعوان، ملک حمزہ شکیل اعوان، ملک کبیر اعوان، ڈاکٹر بلال اعوان، ایڈم ؟ ر راولاکوٹ، قاضی نثار اعوان، حافظ جنید اعوان، ملک پرویز اختر اعوان، ملک یاسر شریف، ملک واصف حسین اعوان، ملک قمر اعوان، ملک ساجد اعوان، ملک نظر اعوان، ملک طارق اعوان، ستاری، ندیم عباس، خرم اعوان، سمیت آزاد کشمیر مختلف علاقوں سے آئے اعوان برادری کی بڑی تعداد نے شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہو؟ ملک شاکر بشیر اعوان قاضی صابر اعوان ملک پرویز اختر اعوان سرش قمر اعوان ملک واسط شریف اعوان صدر الاعوان یوتھ بلندری مسعود اعوان ملک عباس ندیم اعوان دیگر نے گفتگو کرتے ہو؟ کہا ہمیں فخر ہے کہ ہمیں اللہ پاک نے حضرت مولا علی کی اولاد سے پیدا کیا اور اعوان ہونے کا مقام دیا جس پر اللہ پاک شکر بجا لاتے ہیں۔ مقررین نے کہا ہمیں چا؟ ہے کہ ہم ذاتی سیاسی اختلاف سے ہٹ کر اپنے قوم و قبیلہ کی بھلائی اور یہاں نوجوان نسل کو اچھی تعلیم دینے میں اپنا اپنا کردار ادا کریں تاکہ ہمارے نوجوان پڑھ لکھ کر اپنے قوم و قبیلہ کا نام روشن کریں۔ مقررین نے اس بات پر بھی زور دیا جہاں قبیلہ اعوان کے اسلاف و وقار اور بلندی کی سرحدوں کا دفاع کرنے کی بات آ؟ تو سرفہرست کھڑا ہونا چا؟ ہے۔ ایسی میں اتفاق اتحاد منظم کرنے کا عزم بھی کیا گیا۔ ملک شاکر بشیر الاعوان نے مزید کہا الاعوان یوتھ بلندری کی پوری ٹیم کو کامیاب پروگرام کروانے پر مبارکباد دی اور ساتھ یقین دلایا کہ اس پلیٹ فارم کو مزید کامیاب بنانے کے لیے پورے آزاد کشمیر میں کام کیا جائے گا اور بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ پروگرام کے آخر میں الاعوان یوتھ بلندری کی طرف سے تمام مہمانوں کو شیلڈ دی گ؟ اسکے بعد الاعوان یوتھ بلندری کی طرف سے میٹرک میں نمایاں پوزیشن لینے والے بچوں اور بچیوں کو بھی شیلڈ سے نوازا گیا اور کیش ؟ ؟ ؟

بقیہ 9

وکشمیر جرنلسٹس فورم کے صدر اقبال میر بھی ان کے ہمراہ تھے انہوں نے مرحومہ کی وفات پر اظہار افسوس کرتے ہوئے مرحومہ کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی اور لواحقین کے لئے صبر کی دعا کی۔ دریں اثنا، بریگیڈیئر (ر) سید اظہر حسین شاہ ممبر آزاد جموں وکشمیر کونسل سردار عدنان خالد اور باغ سے سابق امیدوار اسمبلی سید فیاض گردیزی نے بھی مسعود گردیزی کے گھر آ کر مرحومہ کی وفات پر افسوس کا اظہار کیا۔

بقیہ 10

نچلے درجے میں تبدیل ہو گیا۔ فلڈ فورکاسٹ ڈویژن لاہور کے مطابق دریائے سندھ میں گڈو بیراج پر بھی درمیانے درجے کا سیلاب ہے۔ تربیلا، کالا باغ، چشمہ، تونسہ اور سکھر بیراج پر نچلے درجے کا سیلاب ہے۔ باقی دریا اپنے اپنے بیڈ اور پر معمول کے مطابق بہہ رہے ہیں

بقیہ 11

گیلانی کے ان تھے۔ سید تنویر احسن گیلانی کی میت اسلام آباد سے ملتان لائی جائے گی۔

بقیہ 12

بجرا اور جاگل بیچنے کا نیپرا لسٹ کی جا رہی ہیں، ان حیرات کے خلاف نہ تو بلدیاتی ادارے ایکشن لے رہے ہیں اور نہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ایکشن لیا جا رہا ہے۔ بااثر لوگ دن دیہاڑے سپریم کورٹ کے احکام کی کھلم کھلا خلاف ورزی کر کے توہین عدالت کے مرتکب ہو رہے ہیں جبکہ انتظامیہ اور بلدیاتی ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ شہریوں نے وزیراعظم آزاد کشمیر، چیف سیکرٹری آزاد کشمیر اور بلدیاتی اداروں کے ذمہ داران سے مطالبہ کیا ہے کہ خالصہ سرکار پر قبضہ کے خلاف موثر انداز میں کارروائی کرتے ہوئے شہریوں میں پائی جانے والی بے چینی کا خاتمہ کرے۔

بقیہ 13

آسامی کو بلی بجٹ سے نکال دیا گیا اس اقدام پر چناری، چکوٹھی، جنگل، کھلیائی، گوجر باہڑی اور دیگر ملحقہ علاقوں کے عوامی، سماجی و سیاسی حلقوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ محکمہ امور حیوانات کی اس نا انصافی سے ہزاروں افراد براہ راست متاثر ہو رہے ہیں جن کا ذریعہ معاش مویشی پالنا ہے، مقامی لوگوں نے تین دن کی مہلت دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ اگر اس دوران چناری میں ویٹرنری آفیسر تعینات نہ کیا گیا تو عوام سخت احتجاج پر مجبور ہوں گے جس کی تمام تر ذمہ داری محکمہ امور حیوانات پر عائد ہوگی۔ عوامی حلقوں نے وزیر اعظم آزاد کشمیر، وزیر زراعت اور دیگر متعلقہ حکام سے فوری مداخلت کی اپیل کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ چناری میں ویٹرنری آفیسر کی آسامی بحال کر کے فوری تعیناتی عمل میں لائی جائے تاکہ علاقہ مکینوں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہو۔

بقیہ 14

میڈیا پر ایک پوسٹ میں کہا کہ مجھے کوئی پرواہ نہیں کہ بھارت روس کے ساتھ کیا کرتا ہے، دونوں اپنی مردہ معیشتوں کو ساتھ لے کر ڈوب جائیں، مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم نے بھارت کے ساتھ بہت کم کاروبار کیا ہے، کیونکہ ان کے ٹیرف دنیا میں سب سے زیادہ ہیں، اسی طرح روس اور امریکا کے درمیان بھی تقریباً کوئی تجارت نہیں ہوتی، ایسا ہی رہنے دیں۔ امریکی صدر نے سابق روسی صدر دمتری میدویدوف کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اب بھی خود کو صدر سمجھتے ہیں، انہیں بتایا جائے کہ وہ اپنی زبان پر قابو رکھیں، وہ بہت خطرناک حدود میں داخل ہو رہے ہیں۔

بقیہ 15

جل کر خاکستر ہو گیا، مقامی لوگوں نے اپنی مدد آپ کے تحت آگ پر قابو کرنے کی کوشش کی لیکن وہ ناکام رہے، عوامی حلقوں نے آتشزدگی واقعہ پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے حکومت آزاد کشمیر سے فوری طور پر متاثرہ شخص کی مالی مدد کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ 16

ایف 35 - ٹرا کا طیارہ بدھ کے روز نیول ایئر اسٹیشن لیمور (NAS Lemoore) کے قریب گر کر تباہ ہوا۔ امریکی بحریہ نے بیان میں کہا کہ پائلٹ نے مہارت سے خود کو طیارے سے باہر نکالا اور اپنی جان بچائی۔ واقعے میں کوئی دوسرا شخص متاثر نہیں ہوا۔ طیارہ حادثے سے متعلق مزید تفصیلات فراہم نہیں کی گئیں۔ نیول ایئر اسٹیشن لیمور کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ حادثے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔

بقیہ 17

فصلوں اور پھل دار درختوں کو بھی نقصان پہنچا۔ ڈپٹی کمشنر ہنزہ کے مطابق متاثرہ علاقوں میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا تاہم لینڈ سلائیڈنگ سے گھروں اور فصلوں کو پہنچنے والے نقصانات کا جائزہ لے رہے ہیں۔ ادھر گلگت بلتستان میں شاہراہ بابوسر پر لاپتہ سیاحوں کی تلاش کے لیے ریسکیو آپریشن آج بھی جاری ہے۔ ترجمان گلگت بلتستان فیض اللہ فراق کا کہنا ہے کہ محکمہ موسمیات نے بارشوں کے نئے اسپیل کا امکان ظاہر کیا ہے، بارشوں کے باعث گلیشیئر پھٹنے، لینڈ سلائیڈنگ، سیلاب اور سڑکوں کی بندش کا خطرہ ہے لہٰذا سیاح اس طرف کا سفر کرنے سے اجتناب کریں۔

بقیہ 18

ہاشمی نے کہا کہ قائداعظم نے کہا تھا ہر طالب کو نظام یہاں نہیں چلے گا، قائداعظم نے جنرل گریسی کو کہا آرمرڈ کور آف دی سول سوسائٹی، قائداعظم کو زیارت میں بیمار کرایا گیا، کراچی میں علاج کی سہولت موجود تھی۔ جاوید ہاشمی نے کہا کہ قائداعظم روزانہ آکسیجن کے لیے ترستے رہے، سیاست اور طاقت نے انہیں تنہا کر دیا، زیارت جیسے علاقے میں بیمار قائداعظم کو رکھنا قائداعظم کو دکھ تھا، محمد علی جناح ایک سچے تھے ان کی باتوں پر آج بھی چلنا ہوگا۔

بقیہ 19

کہ ہیں، احمد آباد ایئرپورٹ پر ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے خود اعتراف کیا ہے کہ پہلگام واقعہ انٹیلی جنس اور سکیورٹی کی ناکامی تھی اور اگر ایسا ہے تو کس کو تو جوابدہ ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ مودی حکومت نے لوگوں کو یہ کہہ کر گمراہ کرنے کی کوشش کی کہ دفعہ 370 کی منسوخی کے بعد مقبوضہ جموں وکشمیر میں عسکریت پسندی کا خاتمہ ہو جائے گا تاہم چھ برس گزر گئے عسکریت اب بھی جاری ہے۔ عمر عبداللہ نے کہا کہ نئی دہلی نے جو وعدے کیے تھے وہ آج تک پورے نہیں ہوئے۔

بقیہ 20

کے لیے اپنی آواز بلند کریں۔ خط میں ریاستی حیثیت کے خاتمے اور جموں وکشمیر کو مرکز کے زیرانتظام دو علاقوں میں تقسیم کرنے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ یہ اقدام وفاقی اصولوں کی پامالی ہے۔ خط میں کہا گیا کہ اس اقدام نے مقبوضہ علاقے کے لوگوں کا احساس محرومی مزید بڑھا دیا ہے۔ خط میں لکھا ہے "ہم آپ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ جموں وکشمیر کو ریاست کا درجہ واپس دلوانے کیلئے اپنی آواز اٹھائیں اور پارلیمنٹ کا موجودہ مانسون اجلاس اس کے لیے ایک بہتر موقع فراہم کرتا ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ بی جے پی حکومت پہلے ہی ریاست کا درجہ بحال کرنے کے عزم کا اظہار کر چکی ہے لہٰذا اب پارلیمنٹ کو چاہیے کہ وہ اس حوالے سے اپنا کردار ادا کرے

بقیہ 21

پالا اور چناری میں دو دکانیں بغیر رجسٹریشن، میڈیکل ٹیسٹ لیبارٹری تصدیق فوڈ اتھارٹی کو فوری طور پر سیل کر دیا گیا، دکانوں پر موجود غیر معیاری اور مضر صحت فروزن اشیاء کو تلف کر دیا گیا۔ کارروائی کے دوران ناقص اور غیر معیاری تیل بھی برآمد ہوا جسے انسانی صحت کے لیے مضر قرار دیتے ہوئے تلف کر دیا گیا۔ اسسٹنٹ فوڈ کنٹرولر جہلم ویلی ابرار احمد میر کے مطابق یہ کارروائیاں شہریوں کو صحت مند، محفوظ، معیاری خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے کی جا رہی ہیں، کسی کو بھی غیر معیاری خوراک کی فروخت کی اجازت نہیں دی جائے گی

بقیہ 22

دعا کی، کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے سید ایشان حیدر نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف نہ صرف پاکستان بلکہ آزاد کشمیر کی سب سے بڑی اور مقبول عوامی جماعت بن چکی ہے، کارکنان ہمارا سرمایہ ہیں، جن کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، ہمیں اپنی صفوں میں اتحاد، نظم و ضبط اور نظریاتی وابستگی کو مزید مضبوط کرنا ہے، انشاء اللہ جلد وہ وقت آئے گا جب ہم ایک مرتبہ پھر عمران خان کے ویژن کے مطابق تعمیر و ترقی کا سفر دوبارہ بحال کریں گے جہاں ہماری حکومت نے چھوڑا تھا، یونین کونسل کلالا کے عوام بالخصوص ایل او سی سے جڑے علاقوں کی صحت، تعلیم، انفراسٹرکچر اور دیگر سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے

بقیہ 23

منہاس نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ امیت شاہ کا بھارتی پارلیمنٹ میں حریت کانفرنس کو "دہشت گرد تنظیم" قرار دینے کا بیان ان کی بوکھلاہٹ کو ظاہر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بیان سے یہ واضح ہوتا ہے کہ بھارت کشمیری عوام کی غیر متزلزل مزاحمت سے کس قدر پریشانی کا شکار ہے۔ ترجمان نے کہا کہ حریت کانفرنس جموں وکشمیر کے عوام کی ایک مستند سیاسی آواز ہے جو حق خودارادیت کے بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ مطالبے کی نمائندگی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیریوں نے کبھی بھی بھارت کے غیر قانونی فوجی قبضے 1947 سے اپنے مسلط کردہ فرقہ وارانہ ہندوتوا کے نظریے کو قبول نہیں کیا ہے، کشمیری بھارت کے تمام تر جبر و ستم کے باوجود اپنی پرامن اور منصفانہ مزاحمت جاری رکھے ہوئے ہیں، اقوام متحدہ نے 5 جنوری 1949 کی ایک قرارداد کے ذریعے انہیں حق خودارادیت تسلیم کر رکھا ہے اور اس حق کو پانے کیلئے وہ ایک پرامن جدوجہد کر رہے ہیں۔ کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان نے کہا کہ بی جے پی کی بھارتی حکومت نے اگست 2019 میں مقبوضہ جموں وکشمیر کی خصوصی حیثیت غیر قانونی طور پر ختم کر دی، کشمیریوں نے اس کے اس اقدام کو مسترد کر دیا ہے، خصوصی حیثیت ختم کرنے کا واحد مقصد جموں وکشمیر میں آبادی کے تناسب کو تبدیل کرنا ہے لیکن کشمیری بھارت کے مذموم منصوبوں کو ناکام بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مودی حکومت سرینگر کے علاقے داچھی گام میں ہونے والی شہادتوں کے حوالے سے ایک انتہائی بے بنیاد پروپیگنڈہ کر رہی ہے، ان شہادتوں کو پہلگام واقعے سے جوڑنا مودی حکومت کی ایک اور بھونڈی حرکت ہے۔ ترجمان نے کہا بی جے پی حکومت بے بنیاد پروپیگنڈے اور الزامات کے ذریعے اپنی ناکامیوں پر ہرگز پردہ نہیں ڈال سکتی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارتی فورسز نے پہلگام واقعے کی آڑ میں کشمیریوں کو ڈرانے دھمکانے کا ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع کر رکھا ہے۔ مقبوضہ علاقے میں اختلاف رائے کی آزادی کا حق مکمل طور پر سلب ہے، حق و انصاف کی آوازوں کو "یو اے پی اے" اور "پی ایس اے" جیسے کالے قوانین کے ذریعے دبانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان نے کہا کہ بھارتی فوج کنٹرول لائن کے اس طرف آزاد جموں وکشمیر میں بھی شہریوں کو بلا اشتعال گولہ باری کا نشانہ بنا رہی ہے جو انتہائی قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی جارحیت علاقائی امن کیلئے سنگین خطرہ ہے لہٰذا عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ بھارت کی طرف سے جاری اشتعال انگیز کارروائی کا نوٹس لے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام بھارتی تسلط سے آزادی کے اپنے مطالبے سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوں گے۔ ترجمان نے اقوام متحدہ پر زور دیا کہ وہ بھارتی ہٹ دھرمی اور غیر حقیقت پسندانہ طرز عمل کا نوٹس لے اور تنازعہ کشمیر کے حل کیلئے اس پر دباؤ ڈالے۔

بقیہ 24

بحرین میں قانون کی ڈگری حاصل کی، یہ واحد خاتون ہے جس نے قانون کی ڈگری حاصل کی

بقیہ 25

کی وحشت گردی انسانی حقوق کی پامالیوں، کشمیریوں کے قتل عام اسرائیل کے مسلسل حملوں کے خلاف احتجاج کیا جائے گا کہ بھارت اور اسرائیل دنیا کے امن کے لیے شدید خطرہ ہیں۔ مقبوضہ کشمیر میں پابند سلاسل حریت کانفرنس کے قائدین کے خلاف بھارت کے سلوک کو اجاگر کیا جائے گا۔ تحریک کشمیر انٹرنیشنل کے صدر عدیل احمد آصف نے کہا 5 اگست کا دن کشمیریوں کے سیاہ ترین دن ہے اس روز کو بیکن ڈاؤن ہال کے سامنے احتجاجی کیمپ لگایا جائے گا کشمیریوں پر ڈھائے جانے والے مظالم انسانی حقوق کی پامالیوں جیل میں بند کشمیری رہنماؤں اور کشمیریوں کے حق خودارادیت کو اجاگر کیا جائے گا۔

بقیہ 26

و لانگ مارچ کے مطالبات کی منظوری اور پنجاب حکومت کی مذاکراتی کمیٹی سے مذاکرات کے بعد میڈیا نمائندگان اور بلوچستان کے قائدین کے مشاورتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حق دو لانگ مارچ کے پرامن، سیاسی، جمہوری، پارلیمانی اور آئینی احتجاج کو روکنے کے لیے جو بھی حربہ استعمال کیا لیکن لانگ مارچ کے شرکاء نے سیاسی صبر اور تدبر کا مظاہرہ کیا اور کسی اشتعال میں آئے بغیر پرامن لانگ مارچ جاری رکھا۔ اب یہ معاملہ اور مذاکرات کے فیصلوں کا اطلاق وفاقی اور پنجاب حکومت کی کورٹ میں ہے۔ وفاقی حکومت مذاکرات کے فیصلوں کی تکمیل کرے، اس میں تاخیر نہ کرے۔ بلوچستان حق دو تحریک کے سربراہ مولانا ہدایت الرحمٰن کی قیادت میں مذاکراتی ٹیم بلوچستان کے عوام کے مسائل کے حل کے لیے مذاکرات کرے گی۔ بلوچستان کے عوام کو آئینی، جمہوری، قومی سلامتی اور سیاسی مائنڈ سیٹ سے جوڑے رکھنے کے لیے لانگ مارچ کے مطالبات کو سنجیدہ لیا جائے اور ترجیحی بنیادوں پر حل تلاش کر لیا جائے۔ یہ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ آمرانہ، فسطائی، جابرانہ اور توہین آمیز رویوں سے نہیں بلکہ آئین اور جمہوری اقدار کی روشنی میں عوام کو عدل و انصاف، جان و مال کی حفاظت اور ریاست میں اپنے حقوق کے تحفظ کا احساس دے۔ جدید دور میں ریاستوں کے لیے ممکن نہیں کہ ظلم، جبر سے عوام کو دبا کر رکھا جائے، اندھی طاقت سے عوام کو وقتی طور پر دبایا جا سکتا ہے

بقیہ 27

انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کی خدمات اور تعلیم کی الہٰی ٹرسٹ کے بعد ریڈ فاؤنڈیشن سکول و کالج نے تعلیم کو عام کرنے کے لیے قریہ قریہ کونے کونے میں تعلیم کو عام کیا قلم وکتاب کی اہمیت کو اجاگر کیا جماعت اسلامی ایک سوچ و فکر کا نام ہے نوجوان نسل اس سوچ کے ساتھ شامل ہو جائیں انہوں نے کہا کہ اہم شخصیات نے دوسری پارٹیوں میں جانے کی دعوت دی لیکن میں نے انکار کر دیا اور پوری استقامت کے ساتھ جماعت اسلامی میں کھڑا ہوں گا کھڑا رہوں گا۔ تقریب سے جماعت اسلامی آزاد کشمیر یوتھ کے صدر سردار انور خان صوبیدار (ر) حکیم خان، سردار محمود خان حاجی اکبر خان دیگر نے خطاب کیا اس موقع پر صوبیدار (ر) شوکت اعوان حاجی سردار کادر خان مشتاق احمد خان صوبیدار (ر) لطیف ہے کو صوبیدار (ر) خورشید خان موجود تھے

بقیہ 28

دن تک محدود نہیں رہے گی، بلکہ یکم سے 14 اگست تک مختلف تقریبات کا انعقاد ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ہر سال 14 اگست مناتے ہیں، لیکن اس بار وفاقی اور صوبائی حکومتوں نے فیصلہ کیا ہے کہ جشن آزادی صرف ایک دن تک محدود نہ ہو، یکم سے 14 اگست تک مختلف تقریبات منعقد کی جائیں گی تاکہ حق میں حاصل ہونے والی معرکہ حق کی کامیابی کو بھی بھرپور انداز میں منایا جائے اور قوم کو آزادی کی اہمیت کا مکمل احساس دلایا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ 14 اگست کے موقع پر ہر سال ہونے والی تقریبات اس بار بھی منعقد ہوں گی، تاہم اس کے ساتھ ساتھ اضافی تقریبات بھی رکھی جائیں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ اڑان پاکستان جیسے منصوبوں کو اجاگر کیا جائے گا تاکہ پاکستان کی معیشت کو مستحکم کر کے اسے ایشیا کی مضبوط معیشتوں میں شامل کیا جا سکے۔ مراد علی شاہ نے بتایا کہ اسی سلسلے میں انہوں نے بزنس کمیونٹی، بینکوں اور صنعت کاروں سے اہم ملاقاتیں کی ہیں تاکہ جشن آزادی کو صوبہ سندھ میں بھرپور انداز سے منایا جا سکے۔

بقیہ 29

کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ سیشن کورٹ نے 10 جولائی کو قانون کے منافی مقدمہ درج کرنے کے احکامات دیے۔ سیشن کورٹ نے حقائق کا جائزہ لئے بغیر چیک ڈس آنر کے معاملے پر مقدمہ درج کرنے کا حکم جاری کیا۔ دوران سماعت مدعی کے وکیل سید فراز حیدر نے بتایا کہ سلیمان شہباز کی کمپنی نے 17 لیپ ٹاپ خریدے۔ لیپ ٹاپ کی خریداری پر 6 لاکھ کا چیک دیا گیا۔ چیک کیش کرانے گئے تو پتہ چلا چیک جعلی تھا۔ سلیمان شہباز کے وکیل نے دلائل دیے کہ لیپ ٹاپ بھی کمپنی تک پہنچے ہی نہیں۔ کمپنی کے ملازم نے چیک چوری کر کے آگے دیے۔ کمپنی کے ملازم پر چوری کا مقدمہ بھی درج کرایا گیا کمپنی کا ان چیکس سے کوئی لینا دینا نہیں ہے۔ چیف جسٹس نے مدعی کے وکیل سے استفسار کیا کہ آپ ابھی تک نہیں بتا سکے کہ خریداری کس تاریخ کی ہے، لیپ ٹاپ خریداری کی رسیدیں، پر وصولی دینے والے کمپنی کے اسٹیمپ بھی موجود نہیں یہ کمپنیوں کا معاملہ ہے کمپنیاں ایسے کام نہیں کرتیں

بقیہ 30

لے کے لیے دعائے مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر و استقامت کی دعا کی۔ شہباز شریف نے کہا کہ سید تنویر الحسن نے عوامی فلاح و بہبود کے لیے ناقابل فراموش خدمات سرانجام دیں۔

بقیہ 31

کی ہدایت کر دی۔ صوبائی محتسب اعلیٰ جسٹس (ر) شاہ نواز طارق نے کے الیکٹرک کی سابق چیف مارکیٹنگ افسر مہرین زہرہ کی درخواست پر کے الیکٹرک کو برطرفی اور جرمانے کی سزا سنا دی۔ کے الیکٹرک کے خلاف خاتون مہرین زہرہ نے شکایت درج کروائی تھی، صوبائی محتسب نے مونس علوی پر 25 لاکھ روپے جرمانہ عائد کرتے ہوئے کہا کہ سی ای او کے الیکٹرک پر الزام ثابت ہوتا ہے، وہ ایک ماہ میں جرمانے کی رقم ادا کریں۔ صوبائی محتسب نے کہا کہ سی ای او کے الیکٹرک نے شکایت کنندہ مہرین زہرہ کو ہراساں اور ذہنی اذیت میں مبتلا کیا، مونس علوی اگر جرمانے کی رقم ادا نہ کریں تو ان کی منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد ضبط کی جائے جبکہ شناختی کارڈ اور پاسپورٹ بھی بلاک کیا جائے۔ مونس علوی کے خلاف کے الیکٹرک کی سابق چیف مارکیٹنگ افسر مہرین زہرہ نے شکایت درج کرائی تھی، شکایت کنندہ کو 2019 میں کے الیکٹرک نے بطور کنسلٹنٹ رکھا تھا۔ یاد رہے کہ کے الیکٹرک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے رواں ماہ ہی مونس علوی کو دوبارہ چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) مقرر کیا تھا

بقیہ 32

کی موٹروے پولیس کی ترجمان کے مطابق لاہور موٹروے پر گداگری کے خلاف قانون کی خلاف ورزی کرنے پر خاتون سمیت دو افراد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا، بابو صابو پلازہ کے قریب کارروائی کرتے ہوئے تھانہ شیراکوٹ میں تعزیرات پاکستان 290/294 اور انسداد گداگری ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر دیا گیا۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق ملزمان گاڑیوں کے سامنے آ کر ٹریفک میں خلل ڈال رہے تھے، ترجمان نے بتایا کہ موٹروے پر پیدل چلنا یا اچانک گاڑیوں کے سامنے آنا قانون کی خلاف ورزی ہے۔

بقیہ 33

انحصار جمہوری اصلاحات پر ہے، جس میں [illegible] کے آئندہ سال ہونے والے انتخابات میں حماس کو حصہ لینے کی اجازت نہ دینا بھی شامل ہے۔ خیال رہے کہ منگل کو برطانوی وزیراعظم کیئر اسٹارمر نے اعلان کیا تھا کہ اگر اسرائیل نے غزہ میں جنگ بندی سمیت دیگر شرائط پر عمل نہ کیا تو برطانیہ ستمبر میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں فلسطین کو بطور ریاست تسلیم کر لے گا۔ یاد رہے کہ گزشتہ ہفتے فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون نے اعلان کیا تھا کہ ان کا ملک رواں سال ستمبر میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے دوران باضابطہ طور پر فلسطینی ریاست کو تسلیم کرے گا۔ اسرائیل کی وزارت خارجہ نے کینیڈا کی جانب سے فلسطین کی ریاست کو تسلیم کرنے کے اعلان کو مسترد کرتے ہوئے اسے حماس کے لیے انعام قرار دیا ہے۔ اقوام متحدہ کے 193 رکن ممالک میں سے 147 باضابطہ طور پر فلسطینی ریاست کو تسلیم کرتے ہیں

بقیہ 34

کی عوام کو بیدار کرنے میں ان کا کردار تاریخ کشمیر کا سنہری باب ہے جس کے لئے انہوں نے بڑی صعوبتیں برداشت کیں اور ہزاروں افراد کے جہاد کے ذریعے آزاد کشمیر کے خطہ کو آزادی دلائی جس میں ہر قبیلے اور ہر علاقے کے لوگوں نے بھرپور ساتھ دیا اور جانوں کی قربانیاں دیں۔ انہوں نے کہا کہ غازی ملت کے سری نگر گھر میں 19 جولائی 1947 کو قیام پاکستان سے قبل قرارداد الحاق پاکستان منظور ہوئی جس نے کشمیریوں کے مستقبل کی سمت متعین کی جس کے بغیر پاکستان ادھورا اور نامکمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سردار ابراہیم خان کی بہترین حکمت عملی اور اعلیٰ منصوبہ بندی سے وار کونسل کا قیام عمل میں آیا کئی آزمودہ کار عسکری کمانڈرز اور مجاہدین کی قربانیوں کی وجہ سے مہاراجہ ہری سنگھ کو سیاسی اور عسکری میدان میں عبرتناک شکست دی اور یہ خطہ آزاد کرایا غازی ملت نے شیخ عبداللہ کے مقابلہ میں اقوام متحدہ میں کشمیری عوام کی نمائندگی اور مسئلہ کشمیر کو جاندار اور موثر طریقے سے پیش کیا۔ سردار طاہر محمود نے کہا کہ ہم اپنے عظیم ہیروز کے کردار کو کبھی فراموش نہیں کر سکتے جن کی قربانیوں کی وجہ سے مسئلہ کشمیر کو عالمی حیثیت ملی سلامتی کونسل کے ایجنڈے میں موجود ہے اور جلد کشمیری عوام کو استصواب رائے کا حق بھی ملے گا۔ سردار ابراہیم خان ہمارے لیے ایسی تاریخ ساز شخصیت ہیں جن کے ذکر کے بغیر کشمیر کی تاریخ مکمل نہیں ہو سکتی۔ آزاد کشمیر میں جمہوری اداروں کے قیام، انسانی حقوق، سیاسی شعور کی جدوجہد و سیاسی بیداری کے لیے سردار ابراہیم خان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔

بقیہ 35

علاقہ لوگوں میں [illegible] انتظامیہ نے غیر معینہ مدت تک کرفیو نافذ کر دیا۔ شہریوں کو گھروں سے باہر نہ نکلنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق شرپسند عناصر شہریوں کو ڈھال بنانے کی کوشش کر سکتے ہیں، مشتبہ افراد کو قریب نہ آنے دیں، فوراً اطلاع دیں، شہری ہوشیار رہیں، غیر معمولی نقل و حرکت کی اطلاع فوراً دیں۔ دہشتگردوں کو پناہ دینے والوں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی۔ جس گھر سے فائرنگ ہوگی وہ فوری مسمار کر دیا جائے گا

بقیہ 36

جے پی کی بھارتی حکومت نے 5 اگست 2019 کو اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی کرتے ہوئے بھارتی آئین کی دفعہ 370 اور 35 اے منسوخ کر دی تھیں جن کے تحت بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر کو خصوصی حیثیت حاصل تھی۔ کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں لوگوں پر زور دیا کہ وہ 5 اگست کو مکمل ہڑتال کریں تاکہ دنیا کو یہ واضح پیغام دیا جا سکے کہ کشمیری بھارت کے غیر قانونی اقدامات اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کو تسلیم نہیں کرتے۔ انہوں نے کہا کہ 5 اگست کشمیریوں کیلئے سیاہ ترین دنوں میں سے ایک ہے

بقیہ 37

تھا ہوئے۔ سماج وادی پارٹی کے رہنما اور رکن پارلیمان اکھلیش یادیو نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں بتایا جانا چاہیے کہ جن طیاروں کی پوجا کی گئی اور مرچیں لگائی گئی تھیں، وہ آخر کہاں گئے؟ آپریشن سندور میں ہمارے بہترین طیارے کتنے اڑے اور کتنے واپس لوٹے؟ لوک سبھا کے اجلاس کے دوران حکومت کی جانب سے مسلسل خاموشی اور تفصیلات فراہم نہ کرنے پر حزب اختلاف کے ارکان نے ایوان میں شور شرابا کیا

بقیہ 38

سیاسی جدوجہد لڑ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حریت کانفرنس کے حوالے سے امیت شاہ کی زہریلی زبان کشمیریوں کی جائز اور منصفانہ جدوجہد کو بدنام کرنے کی مذموم بھارتی مہم کا حصہ ہے۔ ایڈووکیٹ ارشد اقبال نے کہا کہ کشمیریوں کی تحریک آزادی کو بدنام کرنے کی بھارتی کوششیں ماضی میں کامیاب ہوئی ہیں اور نہ آئندہ ہوں گی۔ جموں وکشمیر ایک متنازعہ خطہ ہے جس کی حتمی حیثیت کا تعین اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق ہونا چاہیے۔

بقیہ 39

زرین خان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ان کیمپوں کا یہ علاقہ انتہائی پسماندہ ہے بہت سے ایسے لوگ بھی ہیں جو ادویات لے سکتے ہیں اور نہ چیک اپ کروا سکتے ہیں جبکہ مظفرآباد تک سفر سے بھی قاصر تھے ایسے حالات میں خدیجہ زرین خان فاؤنڈیشن اور الشفاء آئی ٹرسٹ اسپتال نے یہاں کیمپ لگا کر لوگوں کی جو آسانیاں پیدا کیں اور لوگوں کے دل جیت لیے ہیں اس طرح کے آئی کیمپس کی طرح میڈیکل کیمپ بھی ایسے علاقوں کی ضرورت ہیں ہم درخواست کرتے ہیں کہ محترمہ خدیجہ زرین خان صاحبہ رضائے خدا کے لئے میڈیکل کیمپ کا بھی انعقاد کریں جو اس طرح کے علاقوں کی ضرورت ہیں اس موقع پر محترمہ خدیجہ زرین خان نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ جہاں تک ممکن ہوا لوگوں کی دہلیز تک پہنچ کر ان کے بنیادی صحت اور تعلیم سے متعلق مسائل حل کرنے کی کوشش کرتے رہیں گے اور انشاء اللہ آزاد کشمیر کے دور دراز کے علاقوں میں اور بالخصوص کنٹرول لائن پر مقیم افراد کے لیے ہر مہینے مختلف اضلاع کی مختلف یونین کونسلز میں ایسے کیمپس کا انعقاد کرتے رہیں گے۔ انہوں نے اس خصوصی اہتمام اور تعاون پر الشفاء آئی ٹرسٹ کے ذمہ داران اور ڈاکٹرز کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 40

سے جاری کردہ روزانہ رپورٹ کی شکل مرکز اطلاعات فلسطین کو موصول ہوئی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ کئی شہداء تاحال ملبے کے نیچے اور سڑکوں پر پڑے ہیں۔ قابض اسرائیل کے تابڑتوڑ حملوں اور کئی علاقوں میں شدید تباہی کی وجہ سے امدادی ٹیمیں، ایمبولینس اور شہری دفاع کے اہلکار ان زخمیوں اور لاشوں تک پہنچنے سے قاصر ہیں۔ قابض اسرائیل کی طرف سے غزہ پر 7 اکتوبر 2023 سے جاری درندگی اور نسل کشی کی مہم میں اب تک 60 ہزار 138 فلسطینی شہید ہو چکے ہیں جبکہ 1 لاکھ 46 ہزار 269 افراد مختلف زخموں کے ساتھ زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا ہیں۔ قابض اسرائیل نے 18 مارچ 2025 کو جب سے ایک مرتبہ پھر اپنی فوجی یلغار شروع کی ہے، اس وقت سے لے کر آج تک کے عرصہ میں 8 ہزار 970 فلسطینی شہید اور 34 ہزار 228 زخمی ہو چکے ہیں۔ یہ دورانیہ اس حملے کا سب سے خونریز اور تباہ کن مرحلہ ثابت ہوا ہے۔ غزہ میں خوراک کی تلاش میں مارے جانے والے فلسطینیوں کی تعداد میں روز بروز اضافہ جاری ہے۔

بقیہ 41

کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی۔ افواج پاکستان کی جانب سے بریگیڈ کمانڈر 2 اے کے نے مزار پر پھولوں کا گلدستہ رکھا جبکہ پاک فوج کے دستے نے سلامی دے کر غازی ملت کو خراج عقیدت پیش کیا۔ جسٹس ریٹائرڈ سردار عبدالحمید خان، میئر میٹروپولیٹن کارپوریشن راولاکوٹ سردار عبدالعظیم اور کونسلرز نے بھی مزار پر پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر ممبر قانون ساز اسمبلی سردار حسن ابراہیم، ڈپٹی کمشنر پونچھ سردار عمر فاروق، چیئرمین ضلع کونسل سردار جاوید شریف سمیت اعلیٰ حکومتی شخصیات، سرکردہ سیاسی رہنماؤں، سماجی کارکنان اور عوام کی بڑی تعداد نے مزار پر حاضری دی، مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور ان کے درجات کی بلندی، ملک و قوم کی ترقی، خوشحالی اور مقبوضہ کشمیر کی آزادی کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔ شرکاء نے غازی ملت کی تحریک آزادی میں خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے کشمیری عوام آزادی کی جدوجہد جاری رکھیں گے مرحوم کے مزار پر فاتحہ خوانی اور قرآن خوانی کی گئی اس موقع پر مرحوم لیڈر کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا جس کی جگہ ہمیشہ کی طرح ان کے مزار پر ایک بڑی تقریب کا انعقاد ہوا جس میں پلندری، باغ، راولاکوٹ اور گردونواح سے عوام علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی اس تقریب کی صدارت پیر حسین نے کی جبکہ مہمان خصوصی [illegible] روحانی تھے اور سٹیج سیکرٹری کے فرائض سردار یاسر اسحاق خان نے انجام دیے اس موقع پر تقریب سے سردار رحیم اشرف سینئر نائب صدر جے کے پی پی، سردار نوید حیات، [illegible] میٹروپولیٹن کارپوریشن، قاضی نثار احمد، صدر [illegible] ایسوسی ایشن، لیڈی کونسلر شازیہ منت، صدر [illegible] کانفرنس کے صدر سردار شاہ زیب شمیم، سردار محمد کبیر خان، محمد افضل، ایڈووکیٹ ماسٹر یونس، سردار محمد جاوید صادق، سردار محمد اشرف خان، ریٹائرڈ چیف انجینئر پی ڈبلیو ڈی، سردار محمد داؤد خان، لاء آفیسر بی ڈی اے، لیفٹیننٹ محمد سعید ڈسٹرکٹ کونسلر، سردار نواز خان ڈسٹرکٹ کونسلر، سردار جاوید و دیگر نے بھی خطاب کیا مقررین نے اپنے خطاب میں غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان مرحوم کی عسکری ملی اور سیاسی خدمات پر انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ غازی ملت کے ادھورے مشن کی تکمیل کرتے ہوئے ہم مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں کو آزاد کروا کر پاکستان سے پوری ریاست کا الحاق کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت کی نظریاتی تحریک کاری کا راستہ روکنے کے لیے ہمیں آگے آ کر جدوجہد کرنا ہوگا تاکہ یہ علاقے مخصوص منصوبوں میں غازی ملت کے افکار سے روشناس ہو کر لوگوں کی ذہن سازی کرتے ہوئے [illegible] اپنی توانائیاں صرف کریں، مقررین نے کہا کہ غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان کی جس کو نصاب میں شامل کر کے نئی نسل کو ان افکار سے آگاہ کرنے میں انتہائی حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 42

اسٹراک سے ایک باوقار دعائیہ اجلاس حریت کانفرنس کے مرکزی دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت کل جماعتی حریت کانفرنس کے کنوینر غلام محمد صفی نے کی جبکہ مہمان خصوصی آزاد جموں وکشمیر کے سابق صدر الحاج سردار یعقوب تھے۔ اجلاس میں سیاسی، سماجی، دینی و فکری حلقوں کے نمائندگان، حریت قائدین، نوجوان کارکنان اور میڈیا نمائندوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکاء نے غازی ملت کی قومی خدمات اور تحریک آزادی کشمیر کے لیے ان کی بے مثال قیادت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انہیں ریاست جموں وکشمیر کی سیاسی تاریخ کا ناقابل فراموش کردار قرار دیا۔ مقررین نے کہا کہ سردار محمد ابراہیم خان کی قیادت میں 19 جولائی 1947 کو سرینگر میں آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کے تحت الحاق پاکستان کی قرارداد کی منظوری، تحریک آزادی کشمیر کا وہ سنگ میل ہے جس نے کشمیری عوام کی جدوجہد کو ایک نظریاتی بنیاد عطا کی۔ انہوں نے برصغیر کی تقسیم کے بعد پیدا ہونے والے سیاسی خلا میں کشمیری مسلمانوں کی آواز بن کر نہ صرف حق خودارادیت کا علم بلند کیا بلکہ 24 اکتوبر 1947 کو آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کے قیام کا تاریخی اعلان کر کے عملی جدوجہد کا آغاز کیا۔ مقررین نے کہا کہ غازی ملت کا نظریہ صرف جغرافیائی الحاق تک محدود نہ تھا بلکہ وہ کشمیری عوام کی دینی، تہذیبی، سیاسی اور قومی خودمختاری کے پرزور حامی تھے۔ ان کی قیادت میں اخلاص، استقامت، قربانی اور قومی غیرت نمایاں صفات تھیں۔ کنوینر کل جماعتی حریت کانفرنس غلام محمد صفی نے کہا کہ غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان نہ صرف قومی وحدت کے علمبردار تھے بلکہ وہ اصولوں پر سمجھوتہ نہ کرنے والے ایک نظریاتی قائد تھے۔ آج جب بھارت ریاست جموں وکشمیر کی متنازعہ حیثیت کو یکطرفہ اقدامات کے ذریعے ختم کرنے اور کشمیری عوام کو محکوم بنانے کی کوششوں میں مصروف ہے، تو ایسے نازک وقت میں غازی ملت کا نظریاتی وژن ہماری رہنمائی کرتا ہے۔ انہوں نے عالمی برادری کو مخاطب کرتے ہوئے کہا: 1: ہم مسئلہ کشمیر کے کسی جزوی یا مرحلہ وار حل کو تسلیم نہیں کرتے، ہمارا مطالبہ واضح اور غیر مبہم ہے: حق خودارادیت۔ 2۔ بھارت اور پاکستان کے مابین کسی بھی دوطرفہ مذاکرات سے ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔ 3۔ لیکن جب بھارت کے ساتھ مسئلہ کشمیر کے حل کے حوالے سے بات ہوگی تو وہاں کشمیری عوام کو بنیادی اور متاثرہ فریق کی حیثیت سے شامل کیا جانا ناگزیر ہے۔ 3۔ ہم کسی ایسے تیسرے فریق کی ثالثی کو قبول نہیں کریں گے جو بھارت کا اسٹریٹجک پارٹنر ہو۔ 4۔ ہم پاکستان کے مشکور ہیں کہ اس نے ہمیشہ کشمیریوں کے حق خودارادیت کی حمایت کی ہے۔ 5۔ ہم اسیران حریت اور کارکنان کی عظیم قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں، جنہوں نے تحریک کو زندہ رکھا۔ مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ غازی ملت کی برسی محض ایک تقریب نہیں بلکہ تحریک آزادی کی نظریاتی بنیادوں کو یاد رکھنے، صفوں میں اتحاد پیدا کرنے اور جدوجہد کو منظم رکھنے کا دن ہے۔ آج جب کشمیری عوام بدترین ریاستی جبر، جبری گمشدگیوں، ماورائے عدالت قتل اور سیاسی انتقامی کارروائیوں کا سامنا کر رہے ہیں، تو تحریک کو درست سمت، استقامت اور قیادت کی ضرورت ہے جو غازی ملت جیسے رہنماؤں کے افکار سے حاصل ہو سکتی ہے۔ اجلاس کے اختتام پر غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان کی مغفرت، درجات کی بلندی، تحریک آزادی کشمیر کی کامیابی، شہداء کے درجات، اسیران حریت کی رہائی اور کشمیری عوام کی استقامت و کامیابی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ اس اجلاس میں سابق صدر ریاست آزاد جموں وکشمیر الحاج سردار یعقوب، سینئر حریت رہنما محمد فاروق رحمانی، سابق امیر جماعت اسلامی آزاد کشمیر و گلگت بلتستان مولانا نور الباری، سینئر حریت رہنما محمود احمد ساغر، سردار عنایت اللہ عارف، ایڈووکیٹ سردار عبدالرزاق، ڈائریکٹر لبریشن سیل آفر خان، میر طاہر مسعود، سید شمیم شال، داؤد خان، حاجی محمد سلطان، سید اعجاز رحمانی، شیخ عبدالمتین، راجہ خادم حسین، شیخ یعقوب، زاہد صفی، عدیل مشتاق، شیخ عبدالماجد، سید گلشن زاہد نجفی، جاوید اقبال، منظور احمد ڈار، سیکرٹری اطلاعات مشتاق احمد بٹ اور دیگر افراد شامل تھے۔ چناری کے نمائندہ کے مطابق غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان کی برسی آزاد کشمیر کی طرح جہلم ویلی میں بھی بھرپور عقیدت و احترام سے منائی گئی، دعائیہ تقریب کا انعقاد ڈپٹی کمشنر آفس جہلم ویلی کے ہال میں کیا گیا جس میں ڈپٹی کمشنر جہلم ویلی کیپٹن (ر) سید عباس علی گردیزی، ایس پی جہلم ویلی سید مسعود الحق، سیشن جج ساجد عاصم، ڈی ایس پی عبدالحق، ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر عامر عباسی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سول ڈیفنس حنیفہ چغتائی، ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر سہیل مغل، اسسٹنٹ ڈائریکٹر [illegible] 1122 خواجہ عمر، ایس ایچ او منظر حسین چغتائی، تحصیلدار امتیاز عباسی، صدر انجمن تاجران فیصل گیلانی، علماء کرام اور دیگر نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان نے کشمیریوں کی قیادت کرتے ہوئے اپنے جاندار کردار سے تحریک کو تقویت بخشی۔ غازی ملت ریاست جموں وکشمیر کے وہ عظیم رہنما ہیں جنہوں نے جنرل اسمبلی میں مسئلہ کشمیر پر متعدد بار خطاب کر کے موثر طور پر کشمیریوں کی نمائندگی کی۔ غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان الحاق پاکستان کے داعی تھے، ان کی رہائش گاہ سرینگر میں 19 جولائی کو الحاق پاکستان کی قرارداد منظور ہوئی۔ غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان نے تحریک آزادی کشمیر کو عملی شکل دی۔ مقررین نے کہا کہ کشمیریوں نے 19 جولائی کو جس پلیٹ فارم سے الحاق پاکستان کی قرارداد منظور کی وہ اجلاس غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان کی رہائش گاہ سری نگر میں منعقد ہوا تھا۔ غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان نے ساری زندگی کشمیریوں کی آزادی، کشمیریوں کے تشخص، اداروں کے استحکام کے لئے کام کیا۔ مرحوم کشمیری رہنما با اصول، باکردار سیاستدان تھے، جنہوں نے اصولوں پر کبھی سودے بازی نہیں کی

بقیہ 43

پرنسپل پریس سیکرٹری جاوید الحسن جاوید کو سیکرٹری سیر بلائیٹس مینجمنٹ کورس پر روانگی پر ان کو تبدیل کر کے ان کی خدمات سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کے ساتھ منسلک کر دیا گیا۔ اسی طرح خالد محمود مرزا سیکرٹری انڈسٹری کامرس، لیبر، ویلفیئر، پالیسی اینڈ ہیومن ریسورس اور سیری ڈیپارٹمنٹ پرنٹنگ پریس کو تبدیل کر کے سیکرٹری سیر اکنامکس [illegible] کر دیا گیا۔ آفیسر موصوف کو مسٹر رفاقت حسین خان کی میڈیکل لیو کے دوران سیکرٹری کشمیر کاز آرٹس اینڈ کلچر کا اضافی چارج بھی سونپ دیا گیا ہے۔

بقیہ 44

کشمیر پر عالمی اقدام کے لیے [illegible] ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وقت آ گیا ہے کہ دنیا بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بگڑتی ہوئی صورتحال کا نوٹس لے۔ صدر تحریک کشمیر یورپ محمد غالب نے پاکستان کے وفد میں کشمیری علماء کو شامل کرنے پر زور دیا۔ ڈاکٹر غلام نبی فائی نے خبردار کیا کہ بھارت عالمی رائے عامہ کو گمراہ کرنے اور کشمیر کی جائز مزاحمت کو دہشت گردی کا نام دیتا ہے۔ محمود احمد ساغر نے پاکستان سے سفارتی رابطے کو تیز کرنے کا مطالبہ کیا جبکہ سلمان خان نے تارکین وطن کے اتحاد پر زور دیا۔ ایڈووکیٹ ریحانہ علی اور ڈاکٹر عابدہ رفیق نے اختلاف رائے کو دبانے کے لیے بھارت کی طرف سے کالے قوانین کے بے دریغ استعمال کو بے نقاب کیا۔ کشمیر کونسل یورپ کے چیئرمین علی رضا سید نے کہا کہ یورپی پارلیمنٹ ایک بہت اہم عالمی فورم ہے، اگر ہم مسئلہ کشمیر کو موثر انداز میں اجاگر کرنا چاہتے ہیں تو کشمیریوں کو برسلز سمیت دنیا کے اہم دارالحکومتوں میں اپنی کوششیں تیز کرنا ہوں گی۔ الطاف احمد بٹ نے کہا کہ بھارت نے مقبوضہ علاقے میں اظہار رائے کی آزادی کا حق مکمل طور پر سلب کر رکھا ہے۔ ریشیل بلاگر [illegible] منان، راجہ [illegible] اور دیگر نے مختلف پس منظر کے لوگوں سے ملاقات کے دوران اپنے تجربات بیان کیے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ہر فورم پر کشمیر کے بارے میں شعور اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر سکاٹ لینڈ میں ریفرنڈم ہو سکتا ہے تو کشمیر میں کیوں نہیں۔ شیخ عبدالمتین نے کشمیر پر سیمینار، کانفرنسز اور ورکشاپ پروگرام منعقد کرنے کے لیے علمی اداروں اور تھنک ٹینکس سے رابطہ کرنے کا مشورہ دیا۔ سردار تنویر، زبیر حسین، محترمہ شمیم ناز گل، واجد پرویز اور راجہ خان سمیت دیگر مقررین نے کشمیریوں کے حق خودارادیت کے لیے عالمی لابنگ، بین الاقوامی میڈیا اور [illegible] کی اہم ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 45

پر پابندیاں عائد کر دیں جبکہ 10 جہازوں کو بلاک شدہ جائیداد قرار دے دیا ہے۔ جن کمپنیوں پر ایرانی پیٹرولیم مصنوعات کی خریداری کے الزام میں پابندیاں عائد کی گئی ہیں ان میں چھ انڈین کمپنیاں بھی شامل ہیں۔ سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کا الزام ہے کہ ان انڈین کمپنیوں نے کل 22 کروڑ سے زائد مالیت کی ایرانی پیٹرولیم مصنوعات درآمد کی ہیں۔ ان کمپنیوں کے نام یہ ہیں: کنچن پولیمرز، المیکل سلوشنز، رمنک لال ایس گوسلیا اینڈ کمپنی، جوپیٹر ڈائی کیم پرائیویٹ لمیٹڈ، گلوبل انڈسٹریل کیمیکلز لمیٹڈ اور پرسسٹنٹ پیٹرو کیم پرائیویٹ لمیٹڈ شامل ہیں۔ امریکی محکمہ خارجہ کی جانب سے جاری فہرست کے مطابق کنچن پولیمرز انڈیا میں قائم ایک کمپنی ہے جس نے تانیس ٹریڈنگ کی ایرانی کمپنی سے 13 لاکھ امریکی ڈالر سے زیادہ مالیت کی ایرانی پیٹرو کیمیکل مصنوعات بشمول پولیتھین درآمد اور خریدی ہیں۔ انڈیا میں قائم ایک اور پیٹرو کیمیکل تجارتی کمپنی المیکل سولیوشنز پر الزام ہے کہ اس نے جنوری اور دسمبر 2024 کے درمیان متعدد کمپنیوں سے آٹھ کروڑ 40 لاکھ امریکی ڈالرز سے زیادہ مالیت کی ایرانی پیٹرو کیمیکل مصنوعات درآمد اور خریدی ہیں۔ رمنک لال ایس گوسلیا اینڈ کمپنی پر الزام ہے کہ اس نے جنوری 2024 اور جنوری 2025 کے درمیان متعدد کمپنیوں سے دو کروڑ 20 لاکھ امریکی ڈالرز سے زائد مالیت کی ایرانی پیٹرو کیمیکل مصنوعات بشمول میتھانول اور ٹولین خریدی ہیں۔ جوپیٹر ڈائی کیم پرائیویٹ لمیٹڈ انڈیا میں قائم ایک پیٹرو کیمیکل تجارتی کمپنی ہے جس پر جنوری 2024 اور جنوری 2025 کے درمیان متعدد کمپنیوں سے چار کروڑ 90 لاکھ ڈالرز مالیت کی ایرانی پیٹرو کیمیکل مصنوعات درآمد کرنے اور خریدنے کا الزام ہے۔ گلوبل انڈسٹریل کیمیکلز لمیٹڈ انڈیا میں قائم ایک کمپنی ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق اس کمپنی نے جولائی 2024 اور جنوری 2025 کے درمیان متعدد کمپنیوں سے ایرانی پیٹرو کیمیکل مصنوعات بشمول میتھانول خریدی ہیں۔ ان مصنوعات کی مالیت پانچ کروڑ 10 لاکھ امریکی ڈالرز بتائی گئی ہے۔ انڈین کمپنی پرسسٹنٹ پیٹرو کیم پرائیویٹ لمیٹڈ پر الزام ہے کہ اس نے اکتوبر 2024 اور دسمبر 2024 کے درمیان متعدد کمپنیوں سے تقریباً ایک کروڑ 40 لاکھ امریکی ڈالرز مالیت کی ایرانی پیٹرو کیمیکلز درآمد کی ہیں۔

بقیہ 46

میں موقف اپنایا کہ پولیس اور پراسیکیوشن کا کردار جانبدارانہ اور بدنیتی پر مبنی ہے، رات 3، 4 بجے تک مقدمات چلانا انصاف کے تقاضوں کے منافی ہے، بغیر شواہد کے فیصلے اور زبردستی سرکاری وکیل مقرر کیے جا رہے ہیں۔ خط میں چیف جسٹس پاکستان سے درخواست کی گئی ہے کہ 9 مئی کے تمام مقدمات کے طریقہ کار کا ازسرنو جائزہ لیا جائے اور چیف جسٹس پاکستان غیر جانبدارانہ، شفاف ٹرائل یقینی بنائیں۔

بقیہ 47

سنائیں۔ ڈان نیوز کے مطابق انسداد دہشت گردی عدالت نے مجموعی طور پر 9 مئی کے 3 مقدمات کا فیصلہ سنایا، اپوزیشن لیڈر عمر ایوب، سینیٹ میں قائد حزب اختلاف شبلی فراز، رکن قومی اسمبلی زرتاج گل، صاحبزادہ حامد رضا اور شیخ رشید کے بھتیجے شیخ راشد شفیق سمیت 5 ملزمان کو 10، 10 سال قید کی سزا سنائی گئی۔ انسداد دہشت گردی عدالت نے تھانہ غلام محمد آباد میں درج مقدمہ نمبر 1127 میں 67 ملزمان میں 60 ملزمان کو سزائیں سنائیں جبکہ 7 کو بری کر دیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت نے تھانہ سول لائن میں درج مقدمہ نمبر 832 میں 108 میں سے 10 ملزمان کو 10، 10 سال جبکہ ایک کو 3 سال قید کی سزا سنائی اور 7 کو بری کر دیا۔ خصوصی عدالت نے تھانہ سول لائن میں درج مقدمہ نمبر 832 میں 28 ملزمان کو سزا سنائی گئی جبکہ 4 کو بری کر دیا گیا۔ مقدمہ نمبر 835 میں عمر ایوب، شبلی فراز، زرتاج گل، کنول شوذب، فرح آغا، رائے حیدر کھرل اور احمد چٹھہ سمیت 28 ملزمان کو 10، 10 سال قید کی سزا سنائی گئی۔ سزا پانے والے پی ٹی آئی رہنماؤں میں اشرف سوہنا، رائے حسن نواز، رائے مرتضیٰ اور چوہدری اقبال، اعجاز احمد چٹھہ، چوہدری آصف علی اور شکیل احمد خان نیازی بھی شامل ہیں۔ عدالت نے کنول شوذب، فرح آغا، [illegible] سردار عظیم اللہ خان، مہر محمد جاوید، محمد انصر اقبال، رانا آفتاب، [illegible] جمیلہ افضل ساہی کو بھی سزائیں سنائی ہیں۔ یاد رہے کہ انسداد دہشت گردی عدالت سرگودھا نے گزشتہ 22 جولائی کو 9 مئی 2023 کو میانوالی میں احتجاج کے مقدمے میں اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان بھچر سمیت تحریک انصاف کے 32 رہنماؤں اور کارکنوں کو 10، 10 سال قید کی سزا سنائی تھی، جس کے بعد الیکشن کمیشن نے احمد خان بھچر کو نااہل قرار دے دیا تھا، آج پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کے عہدے کو خالی قرار دے دیا گیا ہے۔ اس سے قبل لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے شیر پاؤ پل جلاؤ گھیراؤ کیس میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنماؤں ڈاکٹر یاسمین راشد، میاں محمود الرشید، اعجاز چوہدری اور سرفراز چیمہ کو 10، 10 سال قید کی سزا سنائی تھی جبکہ شاہ محمود قریشی سمیت دیگر ملزمان کو بری کر دیا تھا۔ واضح رہے کہ اس سے قبل 21 دسمبر 2024 کو فوجی عدالت نے سانحہ 9 مئی کے کیس میں ملوث 25 مجرموں کو 10 سال تک قید کی سزا سنائی تھی۔ بعد ازاں 26 دسمبر 2024 کو فوجی عدالت نے سانحہ 9 مئی 2023 میں ملوث عمران خان کے بھانجے حسان نیازی سمیت مزید 60 مجرمان کو 2 سے 10 سال تک قید بامشقت کی سزائیں سنائی تھیں۔ دریں اثنا پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے رواں سال 2 جنوری کو سانحہ 9 مئی 2023 کے 19 مجرمان کی سزاؤں میں معافی کا اعلان کر دیا تھا۔ یاد رہے کہ 9 مئی 2023 کو القادر ٹرسٹ کیس میں عمران خان کی اسلام آباد ہائی کورٹ کے احاطے سے گرفتاری کے بعد پی ٹی آئی کی طرف سے ملک گیر احتجاج کیا گیا تھا۔ اس دوران لاہور میں ماڈل ٹاؤن میں 9 مئی کو مسلم لیگ (ن) کے دفتر کو جلانے کے علاوہ فوجی، سول اور نجی تنصیبات کو نذر آتش کیا گیا، سرکاری و نجی املاک کو شدید نقصان پہنچایا گیا تھا جبکہ اس دوران کم از کم 8 افراد ہلاک اور 290 زخمی ہوئے تھے۔ مظاہرین نے لاہور میں کور کمانڈر کی رہائش گاہ پر بھی دھاوا بول دیا تھا جسے جناح ہاؤس بھی کہا جاتا ہے اور راولپنڈی میں واقع جنرل ہیڈکوارٹرز (جی ایچ کیو) کا ایک گیٹ بھی توڑ دیا تھا۔ اس کے بعد ملک بھر میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ لڑائی، توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ میں ملوث 1900 افراد کو گرفتار کر لیا گیا تھا جب کہ عمران خان اور ان کی پارٹی رہنماؤں اور کارکنان کے خلاف مقدمات بھی درج کیے گئے تھے

بقیہ 48

ہیں میں تمام سرکاری افسران اور ملازمین اپنی شرکت یقینی بنائیں اور کوئی بھی ملازم اپنے اعلیٰ افسر کی تحریری اجازت کے بغیر غیر حاضر نہیں رہے گا۔ محکمہ اطلاعات اور تعلقات عامہ کے سیکرٹری ایم راجو کی طرف سے جاری حکم نامے میں تمام انتظامی سیکرٹریوں، محکمہ جات کے سربراہان، ڈپٹی کمشنرز، ڈائریکٹرز اور پبلک سیکٹر انڈرٹیکنگز، کارپوریشنز اور بورڈز کے چیف ایگزیکٹو افسران کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اپنے ماتحتوں کی مکمل حاضری کو یقینی بنائیں۔ یاد رہے کہ بھارت نے جموں وکشمیر پر فوجی طاقت کے بل پر قبضہ کر رکھا ہے اور کشمیری بھارتی یوم آزادی کو ہر برس "یوم سیاہ" کے طور پر مناتے ہیں۔ کشمیری بھارتی یوم آزادی یا یوم جمہوریہ کی تقریبات میں شریک نہیں ہوتے۔ البتہ بھارتی انتظامیہ سرکاری ملازمین اور مقبوضہ علاقے میں موجود بھارتی شہریوں سے تقریبات کے مقامات بھرتی ہے۔

بقیہ 49

ریلیف پاکستان (آئی آر پی) کے مابین ایک تین سالہ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے جس کا مقصد تحقیق، پالیسی سازی، علمی اقدامات اور انسانی ہمدردی پر مبنی سرگرمیوں کو ایک مشترکہ لائحہ عمل میں پرونا ہے۔ یادداشت پر ایس ڈی پی آئی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر عابد قیوم سلہری اور اسلامک ریلیف پاکستان کے کنٹری ڈائریکٹر آصف علی شیرازی نے دستخط کیے۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے ڈاکٹر عابد قیوم سلہری نے کہا کہ تحقیقی ادارے اور انسانی ہمدردی کی تنظیمیں جب یکجا ہوتی ہیں تو یہ اشتراک صرف علم و آگہی کا تبادلہ نہیں ہوتا بلکہ اس سے ایسے پائیدار راستے جنم لیتے ہیں جو زمینی حقائق پر مبنی اصلاحات کی بنیاد رکھتے ہیں۔ اسلامک ریلیف پاکستان کے کنٹری ڈائریکٹر آصف علی شیرازی نے اس شراکت کو ایک اہم موقع قرار دیتے ہوئے کہا کہ ماحولیاتی انصاف اور سماجی تحفظ اسلامک ریلیف کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ یہ معاہدہ ہمارے وسائل، مہارت اور نیٹ ورک کو یکجا کرنے کا ایک موثر ذریعہ بنے گا جس کے ذریعے ہم ملک بھر میں اپنے دائرہ عمل کو وسعت دے سکیں گے۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت دونوں ادارے مشترکہ تحقیقی منصوبوں، نوجوانوں اور خواتین کی ترقی کے پروگراموں، پالیسی مکالمے، ماحولیاتی شعبے کے لئے ترقی اور پائیدار ترقی کے اہداف (SDG) سے متعلق آگاہی مہمات میں باہمی اشتراک سے کام کریں گے۔ مزید برآں، باہمی فنڈنگ کی درخواستیں اور کمیونٹی کی بنیاد پر منصوبہ بندی اس شراکت داری کا حصہ ہوں گی تاکہ ان کوششوں کے ثمرات زیادہ وسیع اور دیرپا طور پر معاشرے تک پہنچ سکیں۔

بقیہ 50

توانائی کے شعبے میں اصلاحاتی ایجنڈے کو کامیابی سے آگے بڑھانا ان کی موثر حکمت عملی، ادارہ جاتی تعاون اور غیر معمولی محنت کا مظہر ہے۔ خط میں وزیراعظم نے اس بات پر بالخصوص زور دیا کہ سردار اویس لغاری کی کوششوں سے 780 ارب روپے کے گردشی قرضے میں نمایاں کمی ممکن ہوئی، جس کے نتیجے میں گردشی قرضے کا حجم کم ہو کر 1.61 ٹریلین روپے تک آ گیا۔ اس کو ایک غیر معمولی کامیابی قرار دیا گیا۔ مزید برآں، 35 سے زائد آئی پی پیز (IPPs) کے ساتھ معاہدوں کی از سر نو تشکیل اور چھ معاہدوں کے خاتمے کو ایک فیصلہ کن اصلاحاتی اقدام قرار دیا گیا، جس سے قومی خزانے کو 3.6 کھرب روپے سے زائد کی بچت ممکن ہوئی۔ خط میں وزیراعظم نے فی یونٹ 8.35 روپے کی مجموعی ٹیرف میں کمی کا بھی ذکر کیا، جس سے عوامی سطح پر براہ راست ریلیف فراہم ہوا، صنعتی سرگرمیوں میں بہتری آئی اور ملکی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوئے۔ خط میں "اپنا میٹر، اپنی ریڈنگ" جیسے عوام دوست اقدامات کو جدید اور جوابدہ طرز حکمرانی کی مثال قرار دیا گیا، جو توانائی کے شعبے میں عوام کے اعتماد کی بحالی میں معاون ثابت ہوں گے۔ خط کے آخر میں وزیراعظم نے سردار اویس لغاری اور ان کی ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان کی مسلسل کاوشیں پاکستان کی توانائی کی سلامتی اور معاشی استحکام کو مزید تقویت دیں گی

بقیہ 51

کر تجارتی ٹیکس کا پیچھا کیا جا رہا ہے۔ صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ شاید ایک دن ایسا آئے جب پاکستان تیل بھارت کو بیچے گا۔ ٹرمپ نے کہا کہ وہ وائٹ ہاؤس میں تجارتی معاہدے کرنے میں انتہائی مصروف ہیں۔ انہوں نے بہت سے ممالک سے بات کی ہے اور ہر رہنما امریکا کو بہت خوش کرنا چاہتا ہے۔ واضح رہے کہ اس بیان سے کچھ گھنٹے قبل امریکا نے بھارت پر یکم اگست سے 25 فیصد ٹیکس لگانے کا اعلان کیا تھا۔ پاکستان اور امریکہ کے مابین تجارتی معاہدے کا مقصد دوطرفہ تجارت کا فروغ، منڈی تک رسائی کو بڑھانا، سرمایہ کاری کو راغب کرنا اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینا ہے۔ یہ پیش رفت پاکستان کے وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور امریکی سیکرٹری کامرس (وزیر تجارت) ہاورڈ لٹنک اور امریکی تجارتی نمائندے (یو ایس ٹی آر) جیمیسن گریر سے ملاقات کے دوران ہوئی۔ ملاقات میں سیکرٹری کامرس جواد پال اور امریکہ میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ بھی موجود تھے

بقیہ 52

اقبال - ڈپٹی ڈائریکٹر پٹرول اور جنرل عمیر عزیز - ڈپٹی DEO - ناصر لطیف - ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر، سردار شفقت ضیاء - صدر غازی ملت پریس کلب راولاکوٹ ضیاء الرحمان - تحصیل مفتی سردار شاہد رفیق - DSV محمد سجاد خان - اسسٹنٹ ڈائریکٹر ٹریننگ (سیکرٹری) ڈاکٹر فیاض الدین - ڈی ایس او - ڈپٹی ایچ او، ڈاکٹر ثاقب PMA محمد شاہد - رکھ ڈاکٹر - سماجی کارکن مسعود الحمید (NGO HHRD)، عادل محمود - ایجوکیشن آفیسر IDSR ساجد محمود، میڈیا و کوآل پرنٹ، انجم شاہین صحافی [illegible] نے شرکت کی۔ محکمہ صحت کے دیگر اہلکاران جنہوں نے اجلاس میں شرکت کی ان میں محمد حمام، محمد علیاء UCSP، وقار یونس، اور محمد طالب IDSR آفیسر)۔ شامل تھے اجلاس میں سردار سجاد خان AD ٹریننگ)، سردار شاہد رفیق (DSV)، اور ڈاکٹر سیدہ آمنہ بتول (سرویلنس آفیسر IDSR) نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ ٹیم، ای پی آئی میں شامل بیماریوں اور لیڈ پلاننگ کے بارے میں مفصل بریفنگ دی۔ آخر میں سوال و جواب کا سیشن ہوا، جس میں محمد سجاد خان، ڈاکٹر آمنہ بتول اور عادل محمود (میڈیا ایجوکیشن آفیسر IDSR) نے شرکاء کے سوالات کے سیر حاصل جوابات دیے اور ویکسین کے متعلق معاشرے میں موجود افواہوں کا تدارک کیا اور ساتھ ہی خطاب دیا اجلاس ضلع پونچھ میں حفاظتی ٹیکہ جات کے نظام کو مضبوط بنانے، بین المحکمہ جاتی تعاون کو فروغ دینے، اور کمیونٹی میں شعور اجاگر کرنے کے لیے ایک اہم پیش رفت ہو گا۔

بقیہ 53

ہونے والی دہشت گردی میں بھارت ملوث تھا، پہلگام واقعہ میں ہمارا موقف یہی تھا کہ پاکستان خود دہشتگردی کا شکار رہا ہے، کوئی ایسا ملک بتائیں جس نے دہشتگردی کیخلاف جنگ میں 90 ہزار جانیں گنوائی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان قربانیاں دے کر دنیا کو دہشتگردی سے بچا رہا ہے۔ پاکستان پر پہلگام واقعہ میں ملوث ہونے کا الزام لگایا گیا۔ ہمارا موقف تھا کہ پاکستان تو خود دہشتگردی کا شکار ہے وہ کیسے کسی اور ملک میں دہشتگردی کر سکتا ہے۔ بھارتی اقدامات خطے کا امن تباہ کر سکتے ہیں۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ وزیراعظم نے کاکول میں خطاب میں پہلگام واقعہ کی تحقیقات کی پیشکش کی تھی لیکن بھارت پر جنگی جنون سوار تھا۔ مودی اپنے ملک میں بھی سیاسی طور پر کمزور نہیں ہونا چاہتا، آج بھی یہ ہم نے پہلگام واقعہ کے بعد صحافیوں کو وہ جگہیں دکھائیں جن کے بارے میں بھارت الزام لگاتا ہے

بقیہ 54

اختتام پر نظریہ مسیم انسداد سے خطاب کرتے ہوئے کہا اس موقع پر امیر شہر [illegible] طارق تحسین خان امیر ضلع کمیٹی و مدیر [illegible] احمد اور مدیر/ناظم مدارس کراچی محمد حنیف اکبر نے بھی خطاب کیا۔ پانچ روزہ جاری رہنے والی ورکشاپ میں اساتذہ کو تدریسی تجربہ اور جدید اسلوب سے آگاہ کیا گیا۔ پانچ روزہ ورکشاپ میں ناظم اعلیٰ جمعیت اتحاد العلماء مولانا عبدالوحید، جامعہ امام نعمان بن ثابت کے مدیر مولانا حبیب احمد حقی، صدر مدرس جامعہ امام نعمان بن ثابت مولانا عرفان عادل، مدیر اقراء حسین آباد و چیئرمین یونین کونسل سمن آباد مولانا فیصل شیخ نے روزانہ مختلف لیکچرز کے ذریعے اساتذہ کو جدید طریقہ تدریس اور معلم کے اوصاف، بچوں کی نفسیات، قرآن کی تعلیم میں پیش آنے والی مشکلات اور کلاس کے نظم و ضبط کے حوالے سے آگاہ کیا گیا

بقیہ 55

سینیٹر اسحاق ڈار کی قیادت میں وزارت خارجہ عالمی سطح پر نہایت موثر کردار ادا کر رہی ہے۔ یہ بات انہوں نے سیکرٹری وزارت خارجہ آمنہ بلوچ سے گفتگو کرتے ہوئے کہی جنہوں نے سینیٹر عرفان صدیقی کے دفتر میں ان سے ملاقات کی۔ سیکرٹری خارجہ نے چیئرمین قائمہ کمیٹی سینیٹر عرفان صدیقی کو پاک بھارت جنگ کے تناظر میں عالمی سطح پر پاکستانی موقف کو اجاگر کرنے کی تفصیل سے آگاہ کیا۔ سیکرٹری خارجہ نے سیاسی اور سفارتی سطح پر فلسطین کا مقدمہ پیش کرنے کیلئے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار کے حالیہ دوروں کی تفصیل سے بھی آگاہ کیا۔ انہوں نے غزہ کے متاثرہ عوام کیلئے خوراک اور دیگر سامان کی ترسیل کے حوالے سے بھی پاکستان کی کوششوں پر روشنی ڈالی۔ سینیٹر عرفان صدیقی نے وزارت خارجہ کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہماری موثر اور کامیاب سفارت کاری نے بھارت کو بے نقاب کر دیا ہے۔ دنیا کے کسی ملک نے پہلگام کے بارے میں اس کے جھوٹے موقف کو تسلیم نہیں کیا۔ سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ اس وقت غزہ کے عوام کو شدید انسانی قلت کا سامنا ہے۔ اس سلسلے میں حکومت پاکستان کے اقدامات عوامی امنگوں کی ترجمانی کرتے ہیں

بقیہ 56

پرتشدد کا نیا باب کھول دیا گیا ہے، تین کشمیریوں کو جعلی مقابلوں میں شہید کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج بھی نوجوان کشمیری جانوں کا نذرانہ دے کر جدوجہد آزادی جاری رکھے ہوئے ہیں۔ مسلم کانفرنس مقبوضہ کشمیر کے مظلوم عوام کی پشت پر کھڑی ہے اور آزادی کشمیر کی جدوجہد ہر محاذ پر جاری رکھی جائے گی۔ اقوام متحدہ کی قراردادوں کی روشنی میں کشمیری عوام کو حق خودارادیت دیا جانا چاہیے۔ سردار عتیق احمد خان نے پاک فوج کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ مادر وطن کی سرحدوں کی حفاظت کرنے والی پاک فوج نے ہمیشہ کشمیریوں کے ساتھ یکجہتی کا مظاہرہ کیا ہے۔ افواج پاکستان نے سرحدوں پر جس جرات، استقامت اور قربانی کا مظاہرہ کیا ہے، وہ پوری قوم کے لیے باعث فخر ہے۔ ہندوستان ایک طرف دنیا کو سب سے بڑی جمہوریت کا تاثر دیتا ہے، دوسری جانب مقبوضہ کشمیر میں فوجی طاقت سے مظلوموں کی آواز دبانے میں مصروف ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کے حل کے بغیر خطے میں پائیدار امن ممکن نہیں۔

بقیہ 57

حسین سید نے کہا کہ حالیہ دور میں بھارت نے اپنی مس کیلکولیشن کے باعث عسکری، سیاسی اور سفارتی محاذوں پر نقصان اٹھایا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ وہ امریکی صدر ہیں جو امریکی ملٹری اسٹیبلشمنٹ کی نمائندگی نہیں کرتے اور جنگوں کے خلاف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس دور کا تیسرا سب سے بڑا فیکٹر چین ہے۔ موجودہ دور میں 3 سہ فریقی اتحاد بنے ہیں، پاکستان، افغانستان، چین، دوسرا پاکستان بنگلا دیش اور چین ہے جب کہ تیسرا سب سے اہم کام ازبکستان، افغانستان اور پاکستان کے مابین ریل نیٹ ورک پر معاہدہ ہوا ہے۔ جنوبی ایشیا ایک نئی طاقت بنتا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت صرف مودی اور آر ایس ایس کا نام نہیں ایک ملک ہے۔ بھارت کو سفارتی، سیاسی اور میڈیا کے ذریعے اپنی طاقت کا اندازہ بخوبی ہوا۔ امریکی سسٹم بھارت کی حمایت میں ہے لیکن ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے بھارت کو مزاحمت کا سامنا ہے۔ صدر ٹرمپ نے پاکستان کے لیے ٹیرف ختم کر کے پاکستان کے ساتھ تجارت روابط مضبوط کیے۔ مشاہد حسین سید نے کہا کہ مودی اور آر ایس ایس کی پاکستان مخالف آئیڈیالوجیکل خارجہ پالیسی ہے۔ پاکستان موجودہ حالات میں اسٹریٹجک اسپیس سے فائدہ اٹھائے گا۔

بقیہ 58

ہوئی تھی، ان ہی اقدامات کے تحت ڈیجیٹل پریزنس پروسیڈز ٹیکس ایکٹ 2025 بھی متعارف کرایا گیا تھا، جس کے ذریعے بیرون ملک سے آن لائن خریدے گئے سامان پر ٹیکس وصولی کا نظام قائم کیا گیا تھا۔ ایف بی آر کے گزشتہ روز جاری کردہ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ ڈیجیٹل پریزنس پروسیڈز ٹیکس ان سامان اور خدمات پر لاگو نہیں ہوگا جو کسی بھی فرد یا ادارے کی جانب سے بیرون ملک سے آن لائن آرڈر کر کے منگائے جاتے ہیں اور جن پر کسٹمز کے تحت پہلے ہی ٹیکس کے دائرے میں آتے ہوں۔ یہ قانون ان غیر ملکی آن لائن مارکیٹ پلیسز کو ہدف بنا رہا تھا جو پاکستان میں صارفین کو سامان فروخت کرتی ہیں مگر ملک میں ان کی براہ راست موجودگی نہیں ہوتی۔ ان میں عام طور پر علی ایکسپریس، ٹیمو، اور ایمیزون جیسے پلیٹ فارمز شامل ہیں۔ اس قانون کی شق 3 کے مطابق پاکستان میں نمایاں ڈیجیٹل موجودگی رکھنے والا ہر غیر ملکی فروخت کنندہ آن لائن فروخت ہونے والے سامان پر ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہے۔ مجوزہ قانون کے تحت صارفین سے ان کی خریداری پر ادا کی گئی رقم کا 5 فیصد بطور ٹیکس لیا جانا

بقیہ 59

20 پیسے سستا ہو کر 285 روپے 30 پیسے پر آ گیا۔ انٹر بینک میں امریکی ڈالر کی قدر میں 5 پیسے کی کمی ہوئی، انٹربینک میں امریکی ڈالر 282 روپے 90 پیسے پر آ گیا۔

بقیہ 60

پی ٹی آئی رہنماؤں کے وارنٹ گرفتاری جاری ہو سکتے ہیں۔ پی ٹی آئی رہنماؤں کے وارنٹ تھانہ کراچی کمپنی میں درج مقدمہ نمبر 1193 میں جاری کیے گئے، ان ملزمان میں عارف علوی، عبدالقیوم نیازی، شبلی فراز، فیصل جاوید، سردار اکرم راجا، رؤف حسن، مراد سعید، احمد نیازی بھی شامل ہیں۔ علاوہ ازیں وزیر اعلیٰ کے پی کے علی امین گنڈاپور، اسد قیصر، حماد اظہر، عاطف خان، شعیب شاہین، اعظم خان سواتی، عمر ایوب، صاحبزادہ حامد رضا، علیمہ خانم، شیخ وقاص اکرم، کنول شوذب، شاندانہ گلزار، شیر افضل مروت کے وارنٹ گرفتاری بھی جاری کیے گئے ہیں۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے ملزمان کے پیش نہ ہونے پر وارنٹ جاری کیے

بقیہ 61

کے خصوصی طور پر فضائی رابطے کے ذریعے سہولت فراہم کریں گے۔ پی سی اے اے کی جانب سے کہا گیا ہے کہ پاکستان سے ایران اور عراق کے لیے چارٹرڈ سروس شروع کرنے کی دعوت دیتے ہیں، درست ایئر چارٹر لائسنس رکھنے والے آپریٹرز اپنی درخواستیں جمع کروا سکتے ہیں۔ پی سی اے اے کی جانب سے کہا گیا ہے کہ مذہبی سیاحت سے متعلق تمام درخواستوں کی منظوری کو یقینی بنایا جائے گا۔ یاد رہے کہ وفاقی حکومت کی جانب سے رواں سال زائرین کی حفاظت کے پیش نظر سڑک کے ذریعے ایران اور بعد ازاں وہاں سے عراق جانے کے خواہشمند زائرین کو بذریعہ سڑک سفر سے روک دیا گیا تھا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا تھا کہ زائرین کو اس سال بذریعہ سڑک ایران و عراق جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ محسن نقوی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر پیغام میں کہا تھا کہ زیارت کے لیے عراق و ایران کیلئے ہوائی سفر کی اجازت ہوگی۔

بقیہ 62

امریکی سیکرٹری آف کامرس اور ٹریڈ نمائندے جیمیسن گریر سے ملاقات ہوئی، ہماری ٹیم کے مستقل مذاکرات ہوتے رہے، جس کے نتیجے میں یہ ڈیل سائن ہوئی۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ اس ڈیل کے نتیجے میں پاکستان سے امریکا جانے والی اشیاء کے ٹیرف میں کمی ہوگی، اس ٹیرف میں کمی سے بہت بڑا اثر آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ مالی سال میں 32 ارب ڈالر کی ایکسپورٹ میں سے 6 ارب ڈالر امریکا کی تھیں، پاکستان کی سنگل لارجسٹ ایکسپورٹ ڈیسٹینیشن امریکا ہے، ٹیرف میں کمی کے ساتھ ساتھ پاکستان میں یو ایس انویسٹمنٹ اینڈ ڈویلپمنٹ پروجیکٹ بڑھیں گے۔ وزیر مملکت برائے خزانہ نے کہا کہ پاکستان میں امریکی انویسٹمنٹ میں اضافہ دیکھا جائے گا۔

بقیہ 63

یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب وہ اپنی والدہ کو لینے مانچسٹر ایئرپورٹ پہنچے تھے۔ واقعے کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہوئیں جن میں دیکھا جا سکتا تھا کہ پولیس اہلکاروں نے عمار کو ٹیزر گن سے نشانہ بنانے کے بعد لاتیں ماریں اور زمین پر گرایا۔ ایک اور ویڈیو میں عمار کا بھائی محمد عماد پولیس سے کہہ رہا تھا کہ ہم عام شہری ہیں، ہم نے کچھ نہیں کیا۔ عدالت کو بتایا گیا کہ پولیس کو شک تھا کہ عمار نے ایک شہری پر حملہ کیا تھا، جب پولیس اہلکاروں نے پارکنگ میں ٹکٹ مشین کے قریب عمار کو پکڑنے کی کوشش کی تو مزاحمت ہوئی اور جھڑپ شروع ہو گئی۔ فہیر عمار نے عدالت میں بیان دیا کہ وہ خوفزدہ تھے کہ پولیس انہیں مار ڈالے گی، اس لیے انہوں نے دفاع میں ردعمل دیا۔ عدالت نے فہیر عمار کو پی سی لیڈیا اور پی سی تک پر حملہ کرنے اور ایک شہری عبدالکریم اسماعیل پر تشدد کا بھی مجرم قرار دیا جبکہ پی سی زکری مارسڈن پر حملے کے الزام میں جیوری کسی نتیجے پر نہیں پہنچی۔ استغاثہ ان الزامات پر دوبارہ مقدمہ چلانے کا ارادہ رکھتا ہے۔ عدالت کے مطابق عمار کی گرفتاری کے دوران پی سی مارسڈن نے ان کے چہرے پر لات ماری۔

بقیہ 64

شکریہ ادا کرتا ہوں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں وزیراعظم شہباز شریف نے لکھا کہ میں پاکستان اور امریکا کے درمیان گزشتہ روز واشنگٹن میں کامیابی سے طے پانے والی تاریخی تجارتی ڈیل میں لیڈرشپ رول ادا کرنے پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ یہ تجارتی معاہدہ دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو مضبوط کرے گا اور اس معاہدے سے مستقبل میں پاک امریکا پائیدار شراکت داری کو مزید وسعت ملے گی، معاہدہ مستقبل میں ہمارے دیرینہ تعلقات کے نئے دائرے کا آغاز ثابت ہوگا۔

بقیہ 65

پلاٹ فارمز پر ڈیجیٹل ٹیکس واپس لے لیا۔ حکام وزارت خزانہ نے کہا آئی ایم ایف نے ایجنسی سلوٹ سے بچنے کیلئے ٹیکس واپس لینے کی اجازت دی، امریکہ، چین سمیت بین الاقوامی ٹیک کمپنیوں کو فائدہ ہوگا، امریکی انتظامیہ نے ڈیجیٹل کمپنیوں پر 5 فیصد ٹیکس کی مخالفت کی تھی۔ حالیہ فنانس بل میں ڈیجیٹل طور پر درآمدی اشیاء کی ادائیگیوں پر 5 فیصد ٹیکس لگایا گیا تھا۔ ایف بی آر کا ڈیجیٹل ٹیکس کے خاتمے کا نوٹیفکیشن یکم جولائی سے لاگو ہوگا۔

بقیہ 66

اہمیت اور مسئلہ کشمیر کے حوالے سے اس کے اثرات کتاب کے مختلف ابواب پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ Jammu and Kashmir Forgotten Narrat جموں وکشمیر کا بھولا ہوا بیانیہ ایک تحقیقی کتاب ہے جسے لکھنے میں دو سال کا عرصہ لگا یہ کتاب بین الاقوامی معیار کی ہے جو عالمی ضمیر جھنجھوڑنے کیلئے قلمبند کی گئی ہے اس کتاب میں کشمیر کاز کا وہ بیانیہ پیش کیا گیا ہے جو برسوں سے عالمی فورمز پر مسخ اور نظر انداز کیا جاتا رہا ہے اب میری اس کتاب کی شکل میں کشمیر کاز کا اصلی اور حقیقی بیانیہ تحریری صورت میں دنیا کے سامنے آ گیا ہے جس سے عالمی برادری کو کشمیر کے اصلی بیانیہ کو سمجھنے میں مدد ملے گی میری کتاب کے کل گیارہ ابواب ہیں اور 250 صفحات ہیں یہ کتاب اس لیے بھی اپنی نوعیت کی ایک منفرد کتاب ہے کہ اس میں 50 صفحات صرف حوالہ جات کے لیے ہیں میں نے اس کتاب میں جو بیانیہ پیش کیا ہے وہ دلائل اور حقائق کی روشنی میں بیان کیا اس کی سپورٹ میں کتاب میں ریفرنس دیئے تاکہ قارئین کو ہر بات کی حقیقت سمجھ آ سکے

بقیہ 67

پی کی سینیٹ کی دو نشستوں پر [illegible] پولنگ صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک جاری رہے گی، [illegible] سینیٹ الیکشن میں 5 خواتین میدان میں ہیں۔ خیبرپختونخوا اسمبلی میں ایوان کی کل تعداد 145 ہے، جس میں پی ٹی آئی حکومتی اراکین کی تعداد 92 جبکہ اپوزیشن اراکین کی تعداد 53 ہے۔

بقیہ 68

مشاہدے، زرعی نگرانی اور ماحولیاتی تجزیے کے شعبوں میں انقلاب برپا کرے گا۔ سیٹلائٹ سی پیک علاقائی منصوبہ بندی اور قدرتی وسائل کے انتظام کے منصوبوں کی نگرانی کرے گا۔ یہ سیٹلائٹ شہری منصوبہ بندی، [illegible] کا درست اندازہ، زمین کے کٹاؤ اور جغرافیائی خطرات کی نشاندہی بھی کرے گا۔ یہ پاکستان کا دوسرا ریموٹ سینسنگ سیٹلائٹ ہے۔ پہلا ریموٹ سینسنگ سیٹلائٹ 2018 میں چین کے سیٹلائٹ لانچ سینٹر سے بھیجا گیا تھا۔ ترجمان اسپارکو کے مطابق اس وقت پاکستان کے 5 سیٹلائٹ خلا میں موجود ہیں۔

بقیہ 69

اسٹیڈیم کی انتظامیہ کی جانب سے کہا گیا کہ انڈیا اور پاکستان کے میچ کی منسوخی کے بعد شائقین کو ٹکٹ کی 50 فیصد رقم واپس کی جائے گی۔ یہ اس ٹورنامنٹ میں دوسرا موقع ہے کہ انڈین ٹیم نے پاکستان کے خلاف کھیلنے سے انکار کیا ہے۔ ٹورنامنٹ کے منتظمین نے انڈیا کے بعض کھلاڑیوں کی پاکستان کے ساتھ میچ کھیلنے سے انکار کے بعد 20 جولائی کو انڈیا اور پاکستان کے درمیان ہونے والے میچ کو بھی منسوخ کر دیا تھا اور دونوں ٹیموں کو ایک ایک پوائنٹ دیا گیا تھا۔